Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ
عوام کی بے ساختہ للکار
ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
ایڈیٹرانچیف: محمد فیصل ندیم

جلد 14
بدھ ،7 فروری 2024ء ، 26 رجب المرجب 1445ھ، قیمت 10روپے
شمارہ 264

انتخابات میں کسی بھی جگہ قانون ہاتھ میں نہیں لینے دیا جائے گا

ہر پولنگ اسٹیشن پر 7 سے 8 سیکیورٹی اہلکارتعینات ہوں گے، حساس پولنگ اسٹیشنز پر سی سی ٹی وی کیمروں سے نگرانی ہوگی، نگران وزیرداخلہ گوہر اعجاز

وزیراعلیٰ پنجاب محسن نقوی گوردوارہ کرتارپور صاحب میں سکھ برادری کیساتھ بیٹھ کر کھانا کھارہے ہیں

اسلام آباد(چیف رپورٹر)نگراں وزیر داخلہ گوہر اعجاز نے کہا کہ 48 گھنٹوں میں الیکشن ہونے جا رہا ہے اور کسی بھی جگہ قانون کو ہاتھ میں نہیں لینے دیا جائے گا، تمام امیدواروں کے درمیان تنا نہیں ہے۔نگراں وفاقی وزیر اطلاعات مرتضی سولنگی کے ہمراہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے وزیرداخلہ ڈاکٹر گوہر اعجاز نے کہا کہ ابھی تک کسی جگہ موبائل یا انٹرنیٹ سروس بند کرنے کا فیصلہ نہیں کیا گیا(بقیہ نمبر31)

انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں پر عالمی طاقتوں کی خاموشی افسوسناک

پاکستان کشمیریوں کی سیاسی، سفارتی اور اخلاقی حمایت جاری رکھے گا، ثاقب رفیق

مقبوضہ کشمیر میں بھارت کی جانب سے انسانی حقوق کی وہ خلاف ورزیاں ہوئیں

راولپنڈی(این این آئی) پنجاب آرٹس کونسل میں یوم یکجہتی کشمیر کے حوالے سے قابض بھارتی افواج کے نہتے کشمیریوں پر مظالم پر مبنی ڈرامہ 'خون کی وادی' پیش کیا گیا۔ڈرامے کے مہمان خصوصی صدر بورڈ آف مینجمنٹ پنجاب کونسل آف دی(بقیہ نمبر 32)

پرچون فروشوں کو ٹیکس نیٹ میں لانے کیلئے موبائل ایپ کی منظوری

تاجر دوست ایپ ماہانہ ٹیکس کی ادائیگی کا خود بخود حساب لگائے گی، یہ ایپ ریکارڈ رکھے گی

راولپنڈی(این این آئی) ملک کے کروڑوں پرچون فروشوں کو ٹیکس نیٹ میں لانے کیلئے تاجر دوست موبائل ایپ کی منظوری دے دی گئی۔ پرچون فروشوں کو ٹیکس نیٹ میں لانے کیلئے منظور کی جانے والی تاجر دوست (بقیہ نمبر 35)

پی آئی اے کی نجکاری کا مجوزہ پلان منظور

آئی ایم ایف حکام کیساتھ وزارت نجکاری اور وزارت خزانہ حکام کے مذاکرات کامیاب ہوگئے

اسلام آباد(این این آئی) بین الاقوامی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) نے قومی ایئرلائن (پی آئی اے) کا نجکاری کا مجوزہ پلان منظور کرلیا۔ آئی ایم ایف حکام کیساتھ وزارت نجکاری اور وزارت خزانہ حکام کے مذاکرات (بقیہ نمبر 34)

ملک میں الیکشن کا ہونا بڑی کامیابی گھما گھمی کم

بلاول بھٹو زرداری نے بڑی جارحانہ مہم چلائی ہے، ووٹر کو نکلنا چاہئے جانا چاہئے ضرور ووٹ ڈالے

اسلام آباد(چیف رپورٹر) تجزیہ کاروں نے کہا کہ میں ابھی تک حیران ہوں کہ الیکشن ہورہا ہے۔ملک میں الیکشن کا ہونا ایک بہت بڑی کامیابی ہے، بہت سی قوتوں نے کوشش کی ہے کہ الیکشن زیرالتوا ہوجائیں، الیکشن 90دن (بقیہ نمبر 33)

سوئی ناردرن کے ٹیرف میں 35.1 اور سوئی سدرن کے ٹیرف میں 8.5 فیصد کا بڑا اضافہ کردیا

اوگرا نے گیس ٹیرف میں بڑا اضافہ کردیا

اوگرا نے سوئی ناردرن کے صارفین کے لئے گیس 435روپے اور سوئی سدرن کے لئے 115روپے فی ایم ایم بی ٹی یو مہنگی کردی

اسلام آباد(این این آئی) آئل اینڈ گیس ریگولیٹری اتھارٹی (اوگرا) نے گیس کے نرخوں میں بڑے اضافے کی منظوری دیدی۔اوگرا نے سوئی ناردرن کے صارفین کے لئے گیس 435روپے اور سوئی سدرن کے لئے 115روپے فی ایم ایم بی ٹی یو مہنگی کردی۔ نوٹیفکیشن منظوری کے لیے وفاقی حکومت کو بھجوادیا گیا۔سوئی ناردرن گیس کی اوسط قیمت 1238.68روپے سے بڑھا کر 1673.82روپے فی ایم ایم بی ٹی یو کردی گئی، سوئی ناردرن کے صارفین سے 180ارب روپے مزید وصول کرنے کی اجازت دی گئی۔ سوئی سدرن کی گیس کی اوسط قیمت 1350.68روپے سے بڑھا کر 1466.40روپے فی ایم ایم بی ٹی یو ہوگئی جبکہ سوئی ناردرن کو صارفین سے 48ارب روپے مزید وصول کرنے کی اجازت دے دی گئی۔اوگرا نے گیس کی قیمتوں میں اضافے کا فیصلہ وفاقی حکومت کو بھجوادیا ہے، وفاقی حکومت کی منظوری کے بعداوگرا نوٹیفکیشن جاری کرے گا۔

ڈائریکٹر جنرل بہبود آبادی پنجاب وچیف ایگزیکٹو آفیسر پی پی آئی ایف ثمن رائے محکمانہ جاری ترقیاتی سکیموں بارے منعقدہ اجلاس سے خطاب کررہی ہیں

بلاقیمت کنٹراسیپٹیوز ادویات اور معیاری FP خدمات کی فراہمی پاپولیشن ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ پنجاب کی پہچان

مانع حمل لاجسٹک مینجمنٹ انفارمیشن سسٹم کے ذریعے مسلسل اور بلاتعطل سپلائی چین مینجمنٹ کو یقینی بنایا گیا ہے

حمل کے وقفہ پر توجہ مرکوز کرنے والی مواصلاتی حکمت عملی اور طرز عمل میں تبدیلی مواصلات حکومت کا ایک اہم اقدام

مردوں کی شمولیت، باقاعدہ مکالمہ، بزرگوں اور والدین کو حساس بنانے میں علمائے کرام کے کردار کو مزید مضبوط کیا جارہا ہے

دیہی، غریب اور پسماندہ علاقوں میں خاندانی منصوبہ بندی کی کوریج کو بڑھانے ، سرکاری اور نجی کے جدید پروگراموں کی مالی اعانت ہے

آؤٹ ریچ ورکرز کی تربیت سے قبل اور بعد از پیدائش خاندانی منصوبہ بندی سمیت صحت کے نظام میں تمام ممکنہ مواقع سے استفادہ ممکن

لاہور(نمائندہ عوامی للکار)ڈائریکٹر جنرل بہبود آبادی پنجاب وچیف ایگزیکٹو آفیسر پی پی آئی ایف ثمن رائے نے کہا ہے کہ بلاقیمت کنٹرا سیپٹیوز ادویات اور معیاری FP خدمات کی فراہمی پاپولیشن ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ پنجاب کی پہچان ہے ۔ مانع حمل(بقیہ نمبر 36)

چیئرمین جوائنٹ چیف آف سٹاف کمیٹی جنرل ساحر شمشاد، پرنس خالد بن سلمان بن عبدالعزیز سے ملاقات کررہے ہیں

علیمہ خان نے ایف آئی اے طلبی کے دونوں نوٹسز چیلنج کردیئے

ایڈووکیٹ شیراز رانجھا کے توسط سے دو الگ درخواستیں اسلام آباد ہائیکورٹ میں دائر کی گئیں

علیمہ خان وکیل کے ہمراہ اسلام آباد ہائی کورٹ پہنچیں ، درخواست دائر کرنے کیلئے بائیو میٹرک تصدیق کروائی

اسلام آباد(چیف رپورٹر)بانی پی ٹی آئی کی بہن علیمہ خان نے ایف آئی اے طلبی کے دونوں نوٹسز اسلام آباد ہائیکورٹ میں چیلنج کر دیئے۔علیمہ خان نے ایڈووکیٹ شیراز رانجھا کے توسط سے دو الگ درخواستیں اسلام آباد ہائیکورٹ میں دائر کیں، درخواستوں میں ایف آئی اے کوفریق بنایا گیا۔درخواست میں استدعا کی گئی کہ ایف آئی اے سائبر کرائم سرکل کا 2فروری کا نوٹس معطل(بقیہ نمبر 47)

مقبوضہ کشمیر میں بھارت کی بربریت کی شدید الفاظ میں مذمت

اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق کشمیریوں کو حق آزادی دیا جائے :اپووا کانفرنس اعلامیہ

عالمی برادری بھارت کو مقبوضہ کشمیر میں ریاستی تشدد سے باز رکھنے میں اپنا بھرپور کردار ادا کرے :اپووا کا مطالبہ

یوم یکجہتی کشمیر 'زبانی دعووں کے برعکس عملی اقدامات کی ضرورت:مقررین خطاب

آل پاکستان رائٹرز ویلفیئر ایسوسی ایشن(اپوا) کے زیراہتمام یوم یکجہتی کشمیر کانفرنس سے مقررین خطاب کررہے ہیں

لاہور(نمائندہ عوامی للکار)قلم کاروں ' لکھاریوں 'صحافیوں 'ادیبوں اور شاعروں کی نمائندہ جماعت آل پاکستان رائٹرز ویلفیئر ایسوسی ایشن(اپووا) کے زیر اہتمام مسئلہ کشمیر کو اُجاگر کرنے اوراپنے کشمیری بھائیوں سے اظہار یکجہتی کے لیے لاہور کے مقامی ہوٹل میں اپووا کے سرپرست اعلیٰ زبیر احمد انصاری کی زیرصدارت اور بانی اپووا ایم ایم علی کی زیرنگرانی ''یکجہتی کشمیر کانفرنس'' کا اہتمام کیا گیا۔مقررین نے مقبوضہ کشمیر میں بھارت کی بربریت اور انسانیت سوز مظالم کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے عالمی برادری سے مطالبہ (بقیہ نمبر 37)

الیکشن پر موبائل سروس انٹرنیٹ بند کرنے کی گائیڈ لائن نہیں دی گئی: مرتضیٰ سولنگی

مقامی، غیرملکی صحافیوں اور مبصرین کی سہولت کے لیے وزارت اطلاعات نے ایک آن لائن ہیلپ لائن قائم کی ہے

حکومت کی جانب سے انتخابات کے موقع پر موبائل فون سروس اور انٹرنیٹ بند کرنے کی کوئی گائیڈ لائن نہیں دی گئی

اسلام آباد(چیف رپورٹر) نگراں وزیراطلاعات مرتضیٰ سولنگی نے کہا ہے کہ الیکشن کے موقع پر موبائل سروس اور انٹرنیٹ بند کرنے کی کوئی گائیڈ لائن نہیں دی گئی۔نگراں وزیراطلاعات مرتضیٰ سولنگی نے بیان میں کہا کہ سیکورٹی سنجیدہ مسئلہ ہے۔حکومت کی جانب سے انتخابات کے موقع پر موبائل فون سروس اور انٹرنیٹ بند کرنے کی کوئی گائیڈ لائن نہیں دی گئی۔ کسی جگہ امن وامان کی صورتحال خراب ہوتی ہے تو مقامی انتظامیہ صورتحال کا جائزہ لے کر فیصلہ کرسکتی ہے۔مرتضیٰ سولنگی کا مزید کہنا تھا کہ غیر معمولی صورتحال غیر(بقیہ نمبر 42)

آئی سی سی پی او کا ڈپلومیٹک انکلیو سکیورٹی ڈویژن کا دورہ

ڈپلومیٹک انکلیو سکیورٹی ڈیوٹی پر مامور افسران اور جوانوں سے ملاقات

اسلام آباد(چیف رپورٹر) آئی سی سی پی او ڈاکٹر اکبر ناصر خاں کا ڈپلومیٹک انکلیو سکیورٹی ڈویژن کا دورہ کیا ، فائرنگ رینج کا افتتاح کیا، ڈپلومیٹک انکلیو سکیورٹی (بقیہ نمبر 48)

وزیراعلیٰ پنجاب محسن نقوی کو سکھ برادری کی سرکردہ شخصیات کرپان کا تحفہ پیش کررہی ہیں

چیئرمین جوائنٹ چیف آف سٹاف کمیٹی جنرل ساحر شمشاد نمائش میں رکھے گئے الفتح میزائل کا معائنہ کررہے ہیں

منشیات فروشوں اور شراب سپلائرز کے خلاف کارروائی، آٹھ ملزمان گرفتار

راولپنڈی(این این آئی)راولپنڈی پولیس کی منشیات فروشوں اور شراب سپلائرز کے خلاف کارروائی کے دوران آٹھ ملزمان گرفتار کر لئے گئے ۔تفصیلات کے مطابق واہ کینٹ پولیس نے ملزم ادریس سے 01 کلو 875 گرام چرس،صدر بیرونی پولیس نے ملزم شہروز سے 20 لیٹر شراب،ملزم شعیب سے (بقیہ نمبر 49)

جنرل الیکشن 2024، تمام انتظامات کو حتمی شکل دیدی گئی

ساڑھے بارہ ہزار پولیس افسران واہلکار ڈیوٹی سرانجام دیں گے، آر پی او راولپنڈی

راولپنڈی(این این آئی) ریجنل پولیس آفیسر راولپنڈی ریجن سید خرم علی کے احکامات پر ریجن بھر میں جنرل الیکشن 2024 کے حوالے سے تمام انتظامات کو حتمی شکل دے دی گئی،راولپنڈی ریجن کے چاروں اضلاع میں دوران الیکشن ساڑھے (بقیہ نمبر 50)

میٹھے مشروبات پر زیادہ ٹیکس لگانے کی پالیسی اپنائی جائے

روزانہ سینکڑوں پاکستانیوں کی جانیں لینے والے مضرصحت مشروبات میں کمی کے لئے حکومت فوری پالیسی اقدامات کرے

خوراک سے متعلق غیر متعدی امراض (NCDs) آسمان کو چھورہے ہیں، پناہ کولیشن پارٹنرز کی میٹنگ میں ماہرین صحت کا حکومت سے مطالبہ

Meeting With Coalition Partners
پاکستان نیشنل ہارٹ ایسوسی ایشن کی تقریب میں مقررین خطاب کررہے ہیں

اسلام آباد(نمائندہ عوامی للکار) پاکستان میں خوراک سے متعلق غیر متعدی امراض (NCDs) آسمان کو چھورہے ہیں۔ 2100 سے زیادہ لوگ روزانہ پاکستان میں ان بیماریوں کی وجہ سے دنیا سے جارہے ہیں بیماریاں اور تکالیف اس کے علاوہ ہیں۔صرف ذیابیطس کی وجہ سے 1100 کے قریب پاکستانی دنیا سے جا رہے ہیں۔غیر صحت بخش غذا جیسے الٹراپروسیسڈ فوڈز اور میٹھے مشروبات کا زیادہ استعمال موٹاپے اور بہت سی بیماریوں جیسے دل، ذیابیطس، فالج، گردوں اور کئی قسم کے (بقیہ نمبر 38)

شہریوں کیلئے آنلائن ڈرائیونگ لرنر پرمٹ کا آغاز کردیا

طبی معالج سے طبی معائنہ کروانے کے بعد آنلائن ڈرائیونگ لرنر پرمٹ بنواسکیں گے

اسلام آباد(چیف رپورٹر) اسلام آباد کیپٹل پولیس نے ڈرائیونگ لائسنس بنوانے کے خواہشمند شہریوں کے لیے آن لائن ڈرائیونگ لرنر پرمٹ کا آغاز کر دیا، (بقیہ نمبر 43)

علاقائی عدم استحکام کی ذمہ داری بھارت پر عائد ہوتی ہے: مشعال ملک

کاروبار، معاشی سرگرمیوں اور علاقائی خوشحالی کے لیے علاقائی امن واستحکام ناگزیر ہے: مشعال ملک

بین الاقوامی برادری بھارتی غیرقانونی مقبوضہ جموں وکشمیر میں بھارتی نسل کشی کی کارروائیوں پر بھی اقدامات اٹھائے

اسلام آباد(نمائندہ عوامی للکار)وزیراعظم کی معاون خصوصی برائے انسانی حقوق و ترقی نسواں، مشعال حسین ملک نے علاقائی عدم استحکام میں بھارت کے کردار پر روشنی ڈالتے ہوئے اسے خطے میں اقتصادی ترقی کی راہ میں ایک بڑی رکاوٹ قرار دیا ہے۔وہ اسلام آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (آئی سی سی آئی) کے زیر اہتمام zیوم (بقیہ نمبر 51)

اسلام آباد کیپٹل پولیس کا جرائم پیشہ عناصر کیخلاف کاروائیاں جاری

تین پیشہ ور بھکاریوں سمیت 15 جرائم پیشہ عناصر کو گرفتار کرلیا گیا

اسلام آباد(چیف رپورٹر) اسلام آباد کیپٹل پولیس کا جرائم پیشہ عناصر کیخلاف موثر کاروائیاں جاری ہیں، گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران تین پیشہ ور بھکاریوں (بقیہ نمبر 44)

ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کارروائی، چھ ملزمان گرفتار

راولپنڈی(این این آئی) راولپنڈی پولیس کی ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کارروائی کے دوران چھ ملزمان (بقیہ نمبر 39)

اسلام آباد، موٹروے پولیس کی بڑی کارروائی، 3ملزمان گرفتار

اسلام آباد ٹول پلازہ کے قریب ایک مغوی فورچونر گاڑی کے ہمراہ برآمد

اسلام آباد(چیف رپورٹر) موٹروے پولیس نے بڑی کارروائی کے دوران اسلام آباد ٹول پلازہ کے قریب ایک مغوی بمع فورچونر گاڑی برآمد کر کے تین ملزمان (بقیہ نمبر 40)

قصور، مسلم لیگ ن کے قائد نوازشریف، شہبازشریف، مریم نواز ہاتھوں میں ہاتھ ڈال کر یکجہتی کا اظہار کررہے ہیں

Kashmir
Solidarity Day
یوم یکجہتی کشمیر
وزیراعظم کی معاون خصوصی برائے انسانی حقوق وترقی نسواں، مشعال حسین ملک اسلام آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (آئی سی سی آئی) کے زیراہتمام منعقدہ یوم یکجہتی کشمیر کے حوالے سیمینار سے خطاب کررہی ہیں

زرعی تحقیق اور کسانوں کے درمیان مضبوط رابطہ انتہائی اہمیت کے حامل ہیں: ڈاکٹر کوثر عبداللہ ملک

پی اے آر سی کے بورڈ آف گورنرز (BoG) کے 47ویں اجلاس کا قومی زرعی تحقیقاتی مرکز (NARC) اسلام آباد میں انعقاد

جینیاتی بہتری، سمارٹ فارمنگ، اور آرگینک ایگریکلچر میں پیشرفت: چیئرمین پی اے آر سی نے کلیدی تحقیقاتی شعبوں پر روشنی ڈالی

اسلام آباد(نمائندہ عوامی للکار) ڈاکٹر کوثر عبداللہ ملک، وفاقی وزیر برائے وزارت قومی غذائی تحفظ و تحقیق (MNFSR) نے پاکستان زرعی تحقیقاتی کونسل (PARC) کے بورڈ آف گورنرز کے 47ویں اجلاس کی صدارت کی جس کا انعقاد قومی زرعی تحقیقاتی مرکز(NARC) اسلام آباد میں ہوا۔ بورڈ کے آفیشل ممبران بشمول وزارت قومی غذائی تحفظ و تحقیق کے وفاقی سیکرٹری اور وزارت خزانہ اور وزارت منصوبہ بندی کے حکام نے اجلاس میں شرکت کی۔اس کے علاوہ صوبائی اراکین نے بھی اجلاس میں شرکت کی۔ اپنے (بقیہ نمبر 41)

ڈاکٹر کوثر عبداللہ، وفاقی وزیر برائے وزارت قومی غذائی تحفظ و تحقیق، این اے آر سی، اسلام آباد میں پاکستان زرعی تحقیقاتی کونسل کے بورڈ آف گورنرز کے 47ویں اجلاس کی صدارت کررہے ہیں، وفاقی سیکرٹری کیپٹن (ر) محمد آصف، چیئرمین پی اے آر سی ڈاکٹر غلام محمد علی بھی موجود ہیں

تھانہ ترنول پولیس ٹیم نے اہم منشیات فروش کو گرفتار کرلیا

ہیروئن، چرس اور آئس برآمد کرلی گئی، ملزم کے خلاف مقدمہ درج، تفتیش جاری

اسلام آباد(این این آئی) اسلام آباد کیپٹل پولیس تھانہ ترنول پولیس ٹیم نے منشیات فروشی میں ملوث گروہ کے اہم رکن کو گرفتار کرلیا، گرفتار ملزم کے قبضہ سے بھاری مقدار میں ہیروئن، چرس اور آئس برآمد کرلی گئی، ملزم کے خلاف مقدمہ درج، مزید تفتیش جاری ہے۔تفصیلات کے مطابق اسلام آباد کیپٹل سٹی پولیس آفیسر ڈاکٹر اکبر ناصر خاں کے خصوصی(بقیہ نمبر45)

الیکشن 2024 کے حوالے سے ٹریفک پلان جاری

پولنگ اسٹیشنز کی حدود اور 400 میٹر کے اندر کسی قسم کی پارکنگ کی اجازت نہیں ہوگی

راولپنڈی (این این آئی) سٹی ٹریفک پولیس راولپنڈی نے الیکشن 2024 کے حوالے سے ٹریفک پلان جاری کر دیا، چیف ٹریفک آفیسر راولپنڈی تیمور خان کے مطابق راولپنڈی شہر کی سیکورٹی کو مدنظر رکھتے ہوئے اور ٹریفک کی بلاتعطل روانی کو برقرار رکھنے کے لیے ٹریفک پولیس راولپنڈی نے الیکشن ڈے 8 فروری 2024 کے لیے جامع (بقیہ نمبر 46)

مسلم لیگ (ن) کا مہنگائی کو سنگل ڈیجٹ میں لانے کا بڑا دعویٰ

نوازشریف کے جانے کا خمیازہ عوام کو مہنگائی کی صورت میں بھگتنا پڑا، 2013 میں نوازشریف نے برے حالات میں حکومت سنبھالی

2017 میں ملک ترقی کی شاہراہ پر گامزن ہوگیا تھا، ملک ترقی کر رہا تھا' مرکزی سیکرٹری اطلاعات مریم اورنگزیب کی پریس کانفرنس

لاہور(این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کی مرکزی سیکرٹری اطلاعات مریم اورنگزیب نے حکومت ملنے کی صورت میں پہلے سال میں ہی مہنگائی کو سنگل ڈیجٹ میں لانے کا بڑادعویٰ کرتے ہوئے کہا ہے کہ نوازشریف کے جانے کا خمیازہ عوام کو مہنگائی کی صورت میں بھگتنا پڑا،2013 میں نوازشریف نے برے حالات میں حکومت سنبھالی، 2017 میں ملک ترقی کی شاہراہ پر گامزن ہوگیا تھا، نوازشریف کے دور میں ملک ترقی کر رہا تھا، اسی دور میں 20،20 گھنٹے کی لوڈشیڈنگ ختم ہوئی۔ پارٹی کے مرکزی سیکرٹریٹ میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے مریم اورنگزیب نے کہا کہ آج ملک میں مہنگائی اور بیروزگاری عروج پر ہے، پاکستان کے عوام نے 4سال(بقیہ نمبر 52)

ABC Certified عوام کی بے ساختہ للکار MEMBER WUOJ
روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

افغانستان سے پاکستان میں دہشت گردی کے ثبوت

پاکستان کی سرزمین پر افغانستان سے لائے جانے والے غیر ملکی اسلحہ کے استعمال کے ثبوت ایک بار پھر منظر عام پر آ گئے۔ ٹی ٹی پی کے دہشت گردوں کو افغانستان میں امریکہ کا چھوڑا ہوا اسلحہ دستیاب ہے۔

افغانستان کی سرزمین ایک عرصہ سے پاکستان میں دہشت گردی کے لیے استعمال ہوتی رہی۔ طالبان حکومت کا خاتمہ ہوا تو پہلے حامد کرزئی اور اس کے بعد اشرف غنی اقتدار میں آئے۔ یہ فطرتاً پاکستان سے ادھار کھائے بیٹھے تھے جو پاکستان میں دہشت گردی کے لیے بھارت کے ہاتھوں استعمال ہوتے رہے۔ طالبان کے پہلے دور میں پاکستان اور افغانستان کے مابین تعلقات بہت بہتر تھے اور یہی امید کی جا رہی تھی کہ طالبان اقتدار میں آئے ہیں تو اسی طرح سے پاکستان اور افغانستان کے مابین تعلقات خوشگوار ہو جائیں گے مگر افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ پاکستان میں جس طرح پہلے دہشت گردی ہو رہی تھی نہ صرف یہ کہ وہ سلسلہ جاری رہا بلکہ امریکہ کے چھوڑے گئے ہتھیار بھی ٹی ٹی پی کے ذریعے پاکستان کے خلاف استعمال ہونے لگے۔ افسوس ناک امر ہے کہ حامد کرزئی اور اشرف غنی کے ادوار میں افغان سرزمین پاکستان کے خلاف بھارت استعمال کرتا رہا اور اب بھی کر رہا ہے۔ بھارت کی پاکستان میں دہشت گردی کے ڈوزیئر اقوام متحدہ کے سامنے رکھے گئے مگر اس سے کوئی اثر اور فرق نہیں پڑا۔ بھارت کے خلاف اقوام متحدہ کی طرف سے کوئی نوٹس نہیں لیا گیا۔ آج دنیا گلوبل ویلیج بن چکی ہے ایک علاقے میں امن کی پامالی اور دہشت گردی دوسرے علاقے میں بھی اثر پذیر ہوتی ہے۔ جنوبی ایشیا میں جاری دہشت گردی دوسرے خطوں کو اپنی لپیٹ میں لے سکتی ہے۔ اس کی تازہ ترین مثال اسرائیل فلسطین جنگ ہے۔ یہ بھیانک جنگ ان دونوں ممالک سے نکل کر مشرق وسطیٰ میں پھیل چکی ہے۔ شام اردن لبنان یمن تک حملے ہو رہے ہیں۔ یہ جنگ بدستور پھیلتی جا رہی ہے، بعید نہیں کہ پوری دنیا کو لپیٹ میں لے لے۔ پاکستان کے پاس جس طرح بھارت کے دہشت گردی میں ملوث ہونے کے ثبوت موجود ہیں اسی طرح امریکی اسلحہ پاکستان کے خلاف استعمال ہونے کے ثبوت بھی پاکستان نے دوبارہ حاصل کر لیے ہیں۔ وہاں ٹی ٹی پی کو پناہ کس نے دے رکھی ہے؟ اس سوال پر کوئی دوسری رائے نہیں ہو سکتی۔ پاکستان کے پاس جو تازہ ترین ثبوت آئے ہیں اور جو پہلے پاکستان میں مداخلت کے حوالے سے ثبوت موجود ہیں وہ ایک بار پھر اقوام عالم کے سامنے رکھنے کی ضرورت ہے۔ قوام متحدہ کے سامنے بھی نئے اور پرانے ثبوت رکھے جائیں، اوائی سی، یورپی یونین سمیت دنیا کے بڑے بڑے فورمز ہیں ان پر بھی یہ ثبوت رکھے جائیں۔ اس پر عالمی قیادتیں کوئی نوٹس نہیں لیتیں تو یہی سمجھا جائے گا کہ انہیں عالمی امن سے کوئی سروکار نہیں ہے۔

نقل کے لیے عقل کی ضرورت

سنبل ملک اسلام آباد

مڈل کلاس سے ہی میں ایک محاورہ سنتی آئی ہوں کہ نقل کے لیے عقل ضروری ہے اس وقت اس بات اور محاورے کے ضروری اور اہم پہلوں میری سمجھ میں اتنے نہیں آئے لیکن بعد آزاں مجھ پہ یہ واضح ہو گیا کہ اس کا مطلب یہ ہے کہ اگر آپ نے نقل بھی کرنا ہے وہ چاہے کسی شخصیت کی ہو بات کی چیز کی تو اس کے لیے بھی آپ کو عقل اپنی ہی استعمال کرنا پڑے گی کہ آیا جو آپ نقل کر رہے ہیں وہ آپ کے لیے ضروری بھی ہے اور کیا آپ کو اس کی ضرورت ہے اور اگر ہے تو اس کی بناوٹ چال ڈھال نفع نقصان سب سے آپ اگاہ ہیں اور کیا نقل کی گئی بات آپ کی ذات سے میچ بھی کرتی ہے۔ اس بات کو مزید اس طرح بھی سمجھا جا سکتا ہے کہ اگر میں دوران امتحان آپنے اس پاس بیٹھے طالب علم کا کوئی جواب نقل کرتی ہوں تو یہ نہیں کہ جو وہ لکھ رہا ہے وہ میں بھی اپنی کاپی پر نقل کرنا شروع کر دوں مجھے دیکھنا ہوگا کہ جو جواب میں نقل کر رہی ہوں وہ کس سوال کا جواب ہے تو یہاں پر یہ بات صادق آتی ہے کہ نقل کے لیے عقل ضروری ہے یا نقل کے لیے عقل کی ضرورت ہوتی ہے۔ یہ اتنی لمبی تمہید میں نے اس تناظر میں باندھی تھی کہ ہماری قوم کو بہت گہرا صدمہ پہنچتا ہے جب وہ کسی کرکٹ میچ یا ہاکی میچ میں انگلستان سے ہار جاتے ہیں بھوک پیاس سب ختم ہو جاتی ہے مزاج برہم (چاہے وقتی ہی کیوں نہ ہو) لیکن سوچنے کی بات یہ ہوتی ہے کہ اگر ہم ان سے جیت بھی جاتے ہیں تو ہمارا جیتنا بھی ہار ہی ہے کیونکہ ہمارا ہر کھیل مغربی ہے ویسے یہاں پر کہنا تو یہ چاہیے کہ ہمارا ہر کام مغربی ہے لیکن میں نے کھیل کا لفظ اس لیے استعمال کیا کہ آج کل ہم لوگ کام نہیں کرتے ہر کام کا کھیل کھیلتے ہیں اور کھیل اگر جیت بھی جاتے ہیں تو کوئی فائدہ نہیں کیونکہ ہم ہر کام میں انگلستان کی نقل اتارتے ہیں زبان ہو لباس ہو بات چیت ہو رہن سہن ہو نظام ہو (نظام ہر طرح کا) اور اس نقل میں جیت کر بھی ہماری مسخری دیکھنے والی ہوتی ہے تو اس کا مطلب یہ ہوا کہ ہماری قومی غیرت صرف کھیلوں کے میدان میں ہی کیوں بیدار ہوتی ہے کیونکہ ہم مشرق کے میز پر جھک کر اپنے عظیم ورثے کو انگریزی میں نقل کرنے کی کوشش کر رہے ہیں اور اگر اس نقل میں کامیاب ہو بھی گئے تو بھی جیت نہیں سکتے کیونکہ ہم نے اپنی حیثیت بیچ دی ہے اور صورت مسخ کر لی ہے اور اب اگر ذرا اپنے سراپے پر نظر ڈال کر دیکھیں تو کسی اور کی شکل نظر آتی ہے اور ہمارے روح کے ذائقے کی شرینی اور ترشی پر اب ہمارا حق نہیں رہا کیونکہ ہمارا لمس سماعت اور بصارت سب کے سب غلام ہو گئے ہیں اور وقت کی مار نے ہمیں وہ مار دی ہے کہ ہمارا حلیہ تک بگڑ گیا ہے اور دماغ سٹپٹا گیا ہے اب ہمارے ہونے کی اور تو کوئی دلیل نہیں سوائے اس کے اب ہم صرف ایک ہجوم ہیں جو جگہ گھیرنے کے لیے بڑھتا جا رہا ہے اور اس بڑھنے کے چکر میں ہم نے دوڑ لگا دی ہے تا کہ سب سے آگے نکل جائیں اور ہم نے اس دور کو جیتنے کے لیے اتنی دوڑ لگائی کہ پتہ ہی نہیں چلا کہ کب خود سے بھی آگے نکل گئے لیکن مجھے بہت افسوس ہے کہ اگر ہم اندھے نہ ہوتے اور کاش دیکھ سکتے تو پتہ چلتا کہ اس دوڑ میں ہم پیچھے کی طرف کتنی دور نکل آئے ہیں اتنی دور کے یہاں پر نہ تو کوئی شنوائی ہے اور نہ بینائی۔ اور ہم میں سے ہر ایک یہ گمان کر رہا ہے کہ وہ سب سے آگے ہے اور اس کے سوا کوئی دوسرا موجود نہیں ہے۔

آیئے! مہنگائی کم کریں

رفیع صحرائی

جسے دیکھو مہنگائی کا رونا رو رہا ہے۔ کوئی حکومت اور حکمرانوں کو برا بھلا کہہ رہا ہے تو کوئی کارخانہ داروں اور سیٹھ لوگوں کو کوس رہا ہے۔ یہ بات کسی نے سوچنے کی زحمت ہی نہیں کی کہ مہنگائی کے ذمہ دار براہِ راست ہم عوام خود ہیں۔ اگر ہم اپنی عادات کو درست کر لیں تو مہنگائی کی شرح میں خود بخود کمی آنا شروع ہو جائے گی۔

معیشت سے ذرا سی شُد بُد رکھنے والے بھی جانتے ہیں کہ مہنگائی کا براہِ راست تعلق طلب اور رسد سے ہوتا ہے۔ جب طلب بڑھ جاتی ہے اور اس کے مقابلے میں رسد اس طلب کو پورا کرنے میں ناکام رہتی ہے تو چیز مہنگی ہو جاتی ہے۔ کاروباری لوگ، مل و فیکٹری مالکان اور تاجر حضرات اس بات سے بخوبی آگاہ ہوتے ہیں اور وقتاً فوقتاً مصنوعی قلت پیدا کر کے اشیاء ضرورت کی قیمتوں میں مرضی کا اضافہ کر کے عوام کو دونوں ہاتھوں سے لوٹتے رہتے ہیں۔ بدقسمتی سے ہمارے ہاں سسٹم ابھی مضبوط نہیں ہوا جس کی وجہ سے کوئی پوچھنے والا نہیں ہے۔ ہر ایک کا اپنا بھاؤ ہے، چیز لینی ہے تو لو ورنہ آگے سے ہٹ جاؤ کہ لائن میں لگے لوگ منہ مانگی قیمت پر سودا خریدنے کو بے تاب ہیں۔

ہمیشہ سے ہمارے مشاہدے اور تجربے میں یہ آ رہا ہے کہ رمضان کا متبرک مہینہ شروع ہوتے ہی تیس روپے کلو میں بکنے والا پیاز ڈیڑھ سو روپے کلو، پچاس روپے کلو والا آلو دو سو روپے کلو، دو سو روپے کلو والی کھجور پانچ سو روپے کلو تک جا پہنچتی ہے۔ فروٹ اور مشروبات کی قیمتیں ہوشربا حد تک بڑھ جاتی ہیں۔ مہنگائی کا ایک طوفان آ جاتا ہے جسے روکنا سرکار کے بس سے باہر ہوتا ہے۔ نتیجے کے طور پر اربوں روپے کے ریلیف پیکج سے سرکاری سرپرستی میں رمضان بازار لگائے جاتے ہیں جہاں معمولی ریلیف دے کر ناقص اشیاء فروخت کی جاتی ہیں۔ عام بازاروں میں مہنگائی پر کنٹرول کرنے کی بجائے دکانداروں اور تاجروں کو کھلی چھٹی دے دی جاتی ہے۔ مہنگائی پر قابو پانے کی بجائے سرکاری افسران کا سارا زور دکانداروں کو جرمانے کرنے پر ہوتا ہے، دکاندار جرمانے کی رقم بھی سودا مہنگا کر کے گاہکوں سے پوری کرتے ہیں۔ کیا وجہ ہے کہ سردی کا موسم آتے ہی انڈوں کی قیمت اچانک بڑھ جاتی ہے۔ کیا مرغیاں انڈے دینا کم کر دیتی ہیں یا ان کی خوراک میں مہنگے خشک میوے شامل کیے جاتے ہیں؟ فصل کی کاشت کے موقع پر کھادوں کی مصنوعی قلت پیدا کر کے فی بوری ہزاروں روپے مہنگی بیچی جاتی ہے۔ کہنے کو ہم ایک زرعی ملک ہیں مگر گندم دوسرے ممالک سے درآمد کرتے ہیں۔ منصوبہ بندی کا ہر شعبے میں فقدان ہے۔ سیاستدان ہوں یا سرکاری اہلکاران و افسران، ہر کوئی دہاڑی لگانے کے چکر میں ہے۔ بیچارے عوام پس رہے ہیں مگر ان کی شنوائی کرنے والے بذاتِ خود چکی کے دو پاٹ بنے ہوئے ہیں۔

جب مسیحا ہی ڈاکو بن جائیں تو پھر کس سے فریاد کریں، کس سے منصفی کی توقع رکھیں؟ اب اس کے علاوہ کوئی چارہ نہیں کہ خود عوام کو ہی اپنے اس درد کا علاج کرنے کے لیے کوئی قدم اٹھانا ہوگا۔ وہ قدم کیا ہوگا؟ سب سے پہلے تو ہمیں ایک قوم بننا ہوگا۔ بدقسمتی سے ہم مختلف گروہوں میں بٹا ہوا ایک ہجوم ہیں۔ سیاستدانوں نے اپنے ذاتی مقاصد کے لیے ہمیں دلکش اور دلنشیں نعروں کے لولی پاپ دے کر اپنے چنگل میں پھنسا رکھا ہے۔ ہمیں اس سنہری جال کو توڑنا ہوگا۔

سر لامکاں سے جو طلب ہوئی 3

بزم درویش
پروفیسر محمد عبداللہ بھٹی
help@noorekhuda.org

معراج النبی ﷺ کو ہمارے ہاں مذہبی نوعیت کا واقعہ تہوار سمجھا جاتا ہے اور اِسی تناظر میں دیکھا جاتا ہے اسی وجہ سے مقدس مذہبی تہوار کی مناسبت سے ایک ادھ جلسہ منعقد کر کے شب دیدار کے فضائل بیان کیے جاتے ہیں۔ نوافل پڑھ لیے شیرینی بانٹ دی ریڈیو ٹی وی چینل پر مقرر تقریریں کر کے واہ واہ کا ماحول بنایا اور فارغ ہو جاتے ہیں۔ جبکہ اصل میں یہ واقعہ عروج آدم خاکی کا شاندار مظہر ہے۔ تسخیر کائنات کے سفر کا اہم سنگِ میل ہے۔ سفر معراج کے تین مراحل ہیں۔ پہلا مرحلہ مسجد الحرام سے مسجد اقصیٰ تک یہ زمینی سفر۔ دوسرا مرحلہ مسجدِ اقصیٰ سے سدر المنتہیٰ تک ہے یہ کرہ ارض سے کہکشاؤں کے اس پار واقع نورانی دنیا کا سفر ہے اور سب سے اہم تیسرا مرحلہ سدر المنتہیٰ سے آگے قاب قوسین اور اس سے بھی آگے تک ہے۔ یہ لازوال سفر محبت اور عظمت کا سفر ہے یہ سب دیدار محب اور محبوب کی انوکھی خاص ملاقات ہے لہٰذا اِس ملاقات کو زیادہ تر راز میں رکھا گیا سور انجم میں صرف اتنا فرمایا وہاں اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب سے راز و محبت کی باتیں کر لیں۔ بے شک اِس مقام پر اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب کا خوبصورت مکھڑا دیکھا اور اپنے محبوب کی میٹھی میٹھی زبان سے باتیں سنیں۔ یہی وہ مقام تھا جہاں فقط رسول کریم ﷺ ہی تھے جو اپنے رب تعالیٰ کے حسن بے نقاب کے جلوے میں مشغول تھے اور اللہ تعالیٰ کے ارشادات اور پیار بھری باتیں۔ یہی وہ مقام تھا جہاں سفر محبت و عظمت اپنے مقصود کو پانے والا تھا۔ اِس رات سرتاج الانبیاء ﷺ کے ہر روحانی لطیفے کو قرب الٰہی نصیب ہوا اور وہ دیدار خدا کی لازوال لذتِ دوام سے ہمکنار ہوا یہاں پر جب تمام مراحل طے پا گئے تو ساقی کوثر اِس حال میں زمین پر لوٹے کہ ہر ہر لطیفے میں مالک ارض و سما کے قرب اور دیدار کی لذتیں سما چکی تھیں۔ معراج النبی ﷺ کا وقوع پذیر ہونا انسانی تاریخ کا ایک ایسا زرین اور درخشندہ باب ہے جس کا ایک ایک حرف عظمت و رفعت کی ہزار ہا داستانوں کا امین اور عروج آدم خاکی کا ان گنت پہلوں کا مظہر ہے نقوشِ کفِ پائے محمد ﷺ سے لوح افلاک پر شوکت انسانی کی جو دستاویز مرتب ہوئی وہ انسان کے اشرف المخلوقات ہونے کی دلیل ہی نہیں بلکہ ایسا مینارہ نور بھی ہے کہ جو تسخیرِ کائنات کے ہر مرحلے پر آنے والی نسل انسانی کے راستوں کو منور کرتا رہے گا اور آسمانوں کی حدود سے نکل کر اولادِ آدم کو مشاہدہ فطرت کی ترغیب دیتا رہے گا سفر معراج اصل میں سفر ارتقا ہے یہ آقائے دو جہاں کا وہ عظیم معجزہ ہے جس پر عقل انسانی آج بھی انگشت بدنداں ہے انتہائی کم وقت میں مسجدِ حرام سے بیت المقدس تک لمبا سفر طے ہو جاتا ہے۔ قرآن مجید میں ارشاد باری تعالیٰ ہے قسم ہے روشن ستارے) وجود محمدی ﷺ (کی جب وہ)شب معراج عرشِ بریں پر عروج فرما کر زمین کی طرف (اترا تمھارے آقا نہ) کبھی (گمراہ ہوئے اور نہ بے راہ چلے اور وہ اپنی خواہش سے کلام نہیں فرماتے۔ ان کا فرمانا فقط وحی الٰہی ہی ہوتا ہے جو) انکی طرف (کی جاتی ہے۔ انہیں سکھایا سخت قوتوں والے بہت زبردست) اللہ (نے۔ پھر اس) اللہ (نے استویٰ فرمایا۔ اِس حال میں کہ وہ) محمد ﷺ (سب سے اونچے کنارے پر تھے پھر قریب ہوا) اللہ محمد ﷺ سے (پھر زیادہ قریب ہوا۔ تو) محمد ﷺ اپنے رب سے (دو کمانوں کی مقدار) نزدیک (ہوئے بلکہ اس سے) بھی (زیادہ قریب۔ تو وحی فرمائی اپنے عبد مقدس کو جو وحی فرمائی۔ سور انجم ایک اور جگہ ارشاد باری تعالیٰ ہے۔ وہ ذات) ہر نقص اور کمزوری سے (پاک ہے جو رات کے تھوڑے سے حصہ میں اپنے) محبوب اور مقرب (بندے کو مسجد حرام سے مسجد اقصیٰ تک لے گئی جس کے گرد و نواح کو ہم نے با برکت بنا دیا تا کہ ہم اس) بندہ کامل (کو اپنی نشانیاں دکھائیں بیشک وہی خوب سننے والا خوب دیکھنے والا ہے۔ سور بنی اسرائیل۔ حدیث مبارکہ میں یوں بیان ہے۔ یہاں تک کہ آپ سدر المنتہیٰ پر آ گئے رب العزت اپنی شان کے لائق بہت ہی قریب ہوا یہاں تک کہ دو کمانوں کے برابر یا اِس سے بھی کم فاصلہ رہ گیا۔ صحیح بخاری۔ رب کعبہ نے اپنی شان کے مطابق اپنے محبوب ﷺ کو خوش آمدید کہا اور اتنا قریب ہوا کہ اللہ تعالیٰ اور اس کے محبوب کے درمیان بہت کم فاصلہ رہ گیا گویا کہ رحمتِ مجسم ﷺ پر پروردگار کے جلوں کی برسات خوب ہوئی بارگاہ خدا میں نبیوں کے سردار تاجدار کائنات ﷺ سرتاپا صفات ربانی میں اسطرح رنگے گئے کہ آپ ﷺ کی ذات اللہ تعالیٰ کی پیکر اتم بن گئی۔ سرور کائنات ﷺ مقام بشریت کو بیت المقدس میں چھوڑ گئے اور مقام نورانیت کو عالم ملکیت میں چھوڑ کر آگے گزر گئے۔ حقیقت محمدی ﷺ ان دونوں مقامات کی انتہا سے بھی بالاتر ہے آپ ﷺ کا اصلی گھر تو لامکاں تھا جہاں پر آپ ﷺ کو مدعو کیا گیا۔ سفر معراج کی شان دیکھئے رب ذوالجلال جب چاہے دنیا کے اندازے اور قاعدے ضابطے قوانین وقت کے پیمانے پلٹ کر رکھ دے۔ معراج کے حوالے سے عبدالقدوس گنگوہی نے کیا خوب کہا ہے کہ۔ حضور ﷺ فلک افلاک پر پہنچے مگر واپس آ گئے اگر میں وہاں پہنچ جاتا تو کبھی واپس نہ آتا۔ یہ بات ایک صوفی تو کر سکتا ہے کہ صوفی کا نقطہ کمال یہی ہے اگر وہ اس تک پہنچ گیا تو گویا اِس کی تمام عبادات ریاضتوں کا ثمر حاصل ہو گیا لیکن پیغمبر کا منصب مخلوق خدا کی ہدایت اور راہنمائی ہے کہ وہ عرش پر جا کر بھی اپنے منصب کی تکمیل کے لیے واپس فرش پر لوٹ آتا ہے۔ شب معراج کا یہ معجزہ ہے کہ انسان بس ایک مشتِ خاک جسے ہوا کا ایک جھونکا اڑا اور بکھیر سکتا ہے۔ فرشتوں نے بھی حضرت انسان کی عظمت کو محض تسبیح و تقدس کے حوالے سے دیکھا اور بول اٹھا کہ ہم اِس سے زیادہ خدا کی پاکی اور حمد بیان کرنے والے ہیں لیکن معراج کی رات نبی کریم ﷺ ان انتہائی رفعتوں اور منزلوں سے ہو آئے جس کے پہلے زینے پر جبرائیل امین کے پر جلنے لگے وہ منظر کتنا خوب ہوگا جب محبوب خدا ﷺ خراماں خراماں ان رفعتوں کی طرف بڑھے جہاں فرشتوں کے پر جلتے تھے اس وقت ملائکہ کتنی حسرت سے دیکھتے ہوں گے اور رشک کرتے ہوں گے۔ مرحوم کوثر نیازی نے کیا خوب کہا ہے۔

ان کی عظمت کی جھلک دیکھ کر معراج کی شب
کب سے جبرائیل کی خواہش ہے بشر ہو جائے

شوبز SHOWBIZ

سکول اور کالج کے زمانے کے دوست اثاثہ ہوتے ہیں، محمود اسلم

پرانے دوستوں سے ملاقات کے وقت ماضی کی حسین یادوں میں کھو جاتا ہوں



لاہور (این این آئی) سینئر اداکار محمود اسلم نے کہا ہے کہ سکول اور کالج کے زمانے کے دوست آپ کا اثاثہ ہوتے ہیں، آج بھی جب ان دوستوں سے ملاقات ہوتی ہے تو ماضی کی حسین یادوں میں کھو جاتا ہوں۔ ایک انٹرویو میں محمود اسلم نے کہا کہ سب دوستوں نے سکول اور کالج کے زمانے میں ایک دوسرے کے خصوصی نام رکھے ہوتے ہیں اور اتنے سالوں بعد جب ہم ایک دوسرے کو ملتے ہیں تو انہی ناموں سے پکارتے ہیں جس پر خوب قہقہے بلند ہوتے ہیں۔ محمود اسلم نے کہا کہ پرانے دوستوں سے ملاقات ہونے پر آپ ماضی میں چلے جاتے ہیں۔

مہوش حیات بے رنگ بولڈ فوٹو شوٹ پر تنقید کی زد میں آ گئیں

مذکورہ بے رنگ تصاویر میں اداکارہ نے سفید شرٹ زیب تن کر رکھی ہے

لاہور (این این آئی) نامور پاکستانی اداکارہ مہوش حیات کو بے رنگ بولڈ فوٹو شوٹ پر سوشل میڈیا صارفین نے آڑے ہاتھوں لے لیا۔ بے شمار پاکستانی ڈراموں اور فلموں میں اداکاری کے جوہر دکھانے والی اداکارہ مہوش حیات نے اپنے حالیہ فوٹو شوٹ کی تصاویر مداحوں کیساتھ شیئر کیں جس پر انہیں ملے جلے ردعمل کا سامنا ہے۔ مذکورہ بے رنگ تصاویر میں اداکارہ نے سفید شرٹ زیب تن کر رکھی ہے، مہوش حیات کھلی زلفوں کیساتھ مختلف پوز دیتے ہوئے مداحوں کی توجہ اپنی جانب مبذول کروا رہی ہیں۔ اس بولڈ فوٹو شوٹ پر ایک طرف اداکارہ کو کچھ سوشل میڈیا صارفین کی جانب سے تنقید کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے وہیں دوسری جانب ان کے مداح ان کے خوب تعریفیں بھی کر رہے ہیں۔

کشمیر کے بغیر پاکستان ادھورا، جاوید شیخ، ثنا، مدیحہ شاہ

جب تک ایک بھی کشمیری زندہ ہے آزادی کی جدوجہد کی مشعل بُجھ نہیں سکتی



لاہور (این این آئی) شوبز شخصیات نے مظلوم کشمیریوں سے بھرپور یکجہتی کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ کشمیر کے بغیر پاکستان ادھورا ہے اور انشا اللہ وہ دن دور نہیں جب کشمیریوں کو بھارت کے غاصبانہ تسلط سے آزادی نصیب ہو گی، پاکستانی قوم اور حکومت کشمیریوں کی آزادی کی جدوجہد میں شانہ بشانہ ہے اور ان کی اخلاقی، سیاسی اور سفارتی حمایت جاری رکھے گی۔ سینئر اداکار جاوید شیخ، ندیم بیگ، ثنا، مدیحہ شاہ، احسن خان، شاہدہ منی، ہمایوں سعید، افتخار ٹھاکر، سخاوت ناز، سائرہ نسیم، صنم ماروی نے یوم یکجہتی کشمیر کی مناسبت سے اپنے بیانات میں کہا کہ بھارت لاکھوں کی تعداد میں فوجیوں کی طاقت کے بل بوتے پر سات دہائیوں میں بھی کشمیریوں کے حوصلے پست نہیں کر سکا۔

میں اور پونم پانڈے ابھی تک قانونی طور پر شادی شدہ ہیں، سیم بمبئی

موت کے ڈرامے پر کوئی حیرانی یا پریشانی نہیں ہوئی بلکہ پونم پانڈے نے جو کچھ بھی کیا مجھے اس پر بہت خوشی ہے

ممبئی (این این آئی) بھارتی اداکارہ و ماڈل پونم پانڈے کے شوہر سیم بمبئی نے سروائیکل کینسر کے بارے میں آگاہی مہم کے نام پر اپنی اہلیہ کے موت کے ڈرامے پر ردِعمل کا اظہار کیا ہے۔ سیم بمبئی نے حال ہی میں ایک انٹرویو کے دوران پونم پانڈے سے طلاق کی خبروں کی تردید کرتے ہوئے کہا کہ میں اور پونم پانڈے ابھی تک قانونی طور پر شادی شدہ ہیں۔ اس انٹرویو کے دوران ان سے یہ سوال بھی کیا گیا کہ کیا آپ کو بھی پونم پانڈے کی جانب سے خود کی موت کی جھوٹی خبر پھیلانے پر حیرانی ہوئی؟ سیم بمبئی نے اس سوال کا جواب دیتے ہوئے کہا کہ نہیں مجھے بالکل اس پر کوئی حیرانی یا پریشانی نہیں

''ڈان 3'' کی پری پروڈکشن کا آغاز اگلے ماہ سے ہو جائیگا

ممبئی (این این آئی) بالی وڈ کے نامور ڈائریکٹر فرحان اختر کی نئی فلم 'ڈان 3' شاہ رخ خان کی بلاک بسٹر فرنچائز چھوڑنے کے بعد کافی عرصے سے خبروں کی زینت ہے۔ بلاک بسٹر ڈان سیریز کی تیسری فلم میں کنگ خان کی جگہ رنویر سنگھ ڈان کا آئیکونک کردار کریں گے اور اب فلم کے حوالے سے نئی تفصیلات سامنے آگئی ہیں۔ بھارتی میڈیا ذرائع کے مطابق فلم اس وقت کاسٹنگ کے مراحل پر ہے اور 'ڈان 3' کی پری پروڈکشن کا آغاز اگلے ماہ سے ہو جائے گا۔ ذرائع کے مطابق فلم کی شوٹنگ رواں برس اگست میں شروع ہوگی اور فلم کی ٹیم نے فرنچائز کے مداحوں کیلئے اس میں بہت سے سرپرائز رکھے ہوئے ہیں۔'

دوسری شادی کرنے کے بارے میں کبھی سوچا ہی نہیں، میکال ذوالفقار

میرے والدنے تو مجھے ابھی جب میں امریکا گیا ہوا تھا تو کہا کہ وہاں سے کوئی گوری میم ہی ڈھونڈ لو



کراچی (این این آئی) پاکستانی شوبز انڈسٹری کے معروف اداکار میکال ذوالفقار کا کہنا ہے کہ اُنہوں نے دوسری شادی کرنے کے بارے میں کبھی سوچا ہی نہیں۔ میکال ذوالفقار نے حال ہی میں ایک نجی ٹی وی کے شو میں بطور مہمان شرکت کی جہاں اُنہوں نے اپنی نجی زندگی کے بارے میں بات کرتے ہوئے طلاق کے بعد ابھی تک دوسری شادی نہ کرنے کی وجہ بھی بتائی۔ اُنہوں نے دوسری شادی کے بارے میں پوچھے گئے سوال کا جواب دیتے ہوئے کہا کہ میں اب شادی کے بارے میں سوچتا ہی نہیں کیونکہ میرے بچے ہیں اور میں ایسے ہی سکون میں ہوں۔

میری تعریفیں اور میری محبتیں ابھیشک تمہارے لیے ہیں، امیتابھ بچن

اداکار ابھیشک بچن کو ایوارڈ شو میں تین ایوارڈ جیتنے پر خوشی کا اظہار



ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ سپر اسٹار امیتابھ بچن نے اپنے بیٹے اداکار ابھیشک بچن کی حال ہی میں ریلیز ہونے والی فلم گھومر کو حالیہ ایوارڈ شو میں تین ایوارڈ جیتنے پر خوشی کا اظہار کیا۔ اپنے انسٹاگرام اکاؤنٹ پر فلم کا پوسٹر شیئر کرنے کے ساتھ انہوں نے اپنے بیٹے کے لیے ایک جذباتی نوٹ بھی تحریر کیا۔ اپنے نوٹ میں بالی ووڈ کے شہنشاہ نے لکھا، میری دعائیں، میری تعریفیں اور میری محبتیں ابھیشک تمہارے لیے ہیں، تم نے مجھے قابل فخر و تحسین بنا دیا۔ جیسے ہی یہ پوسٹ اپ لوڈ ہوئی تو پرستاروں اور فلم انڈسٹری سے تعلق رکھنے والی شخصیات کی جانب سے کمنٹس آنا شروع ہو گئے۔ بیٹے ابھیشک بچن نے خوشی کا اظہار کرتے ہوئے ہینڈز ایموجیز پوسٹ کی جبکہ مداح نے تبصرہ کرتے ہوئے فلم کو شاندار قرار

SPORTS سپورٹس

رنگنا ہیراتھ کا بنگلہ دیش کرکٹ بورڈ کیساتھ دوبارہ کام کرنے سے انکار

لیجنڈری لیفٹ آرم سپنر واپسی کے لیے تیار نہیں ہیں، بنگلہ دیش کرکٹ بورڈ

ڈھاکہ (این این آئی) بنگلہ دیش کرکٹ ٹیم کے سابق باؤلنگ کوچ رنگنا ہیراتھ نے بنگلہ دیش کرکٹ بورڈ (بی سی بی) کے ساتھ دوبارہ کام کرنے سے انکار کر دیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق بنگلہ دیش کرکٹ بورڈ کی جانب سے کہا گیا ہے کہ سابق سپن باؤلنگ کوچ رنگنا ہیراتھ نے ان کے ساتھ دوبارہ کام کرنے سے انکار کر دیا ہے کیونکہ انہوں نے انہیں پیش کردہ پیشکش کو مسترد کر دیا تھا۔ قبل ازیں ہیراتھ نے کہا تھا کہ انہیں بی سی بی کی جانب سے پیشکش موصول ہوئی ہے اور وہ اپنے وکلا سے بات کرنے کے بعد حتمی فیصلہ کریں گے، لیکن انہوں نے اصرار کیا کہ وہ قومی کرکٹ ٹیم کے سپن کوچ بننے کے بجائے سپن مینٹور کا کردار ادا کرنے کے لیے پرجوش ہیں۔ بنگلہ دیش کرکٹ بورڈ کے کرکٹ آپریشنز کے چیئرمین جلال یونس نے کمیٹی کے اجلاس کے بعد صحافیوں کو بتایا کہ سری لنکا کے لیجنڈری لیفٹ آرم سپنر بنگلہ دیش کرکٹ میں واپسی اور شمولیت کے لیے تیار نہیں ہیں، ہم نے انہیں جو پیشکش کی تھی انہوں نے قبول نہیں کی۔ یونس نے کہا کہ انہوں نے چند کوچز کو شارٹ لسٹ کیا ہے اور اب وہ کوچنگ کے مختلف عہدوں کے لیے 6 فروری کو ان کے ورچوئل انٹرویو لیں گے۔

پی سی بی کا قومی کرکٹرز کے این او سی میں توسیع نہ کرنے کا فیصلہ

آئی ایل ٹی ٹونٹی، بنگلا دیش پریمیئر لیگ کے این او سی میں توسیع کی درخواستیں کی گئی تھیں

لاہور (این این آئی) پاکستان کرکٹ بورڈ نے قومی کرکٹرز کے عدم اعتراض سرٹیفکیٹ (این او سی) میں توسیع نہ کرنے کا فیصلہ کر لیا۔ ذرائع کے مطابق آئی ایل ٹی ٹونٹی اور بنگلادیش پریمیئر لیگ (بی پی ایل) کے این او سی میں توسیع کی درخواستیں کی گئی تھیں، درخواستیں ملنے کے بعد پی سی بی نے معاملے کا جائزہ لیا تھا جس کے بعد این او سی میں مزید توسیع نہ دینے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ پاکستان کرکٹ بورڈ نے کھلاڑیوں کو پیغام دیا ہے کہ ایشو کیے گئے این او سی میں مزید توسیع نہیں دی گئی ہے۔ ذرائع کے مطابق زیادہ کھلاڑیوں کو 7 فروری تک این او سی جاری کیے گئے ہیں اور اب توسیع نہ ملنے پر کھلاڑیوں میں غم و غصہ پایا جاتا ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ جو کھلاڑی قومی ٹیم کا حصہ نہیں ہیں انہیں بھی واپس بلایا گیا ہے۔ اس حوالے سے ایک کھلاڑی کا موقف ہے کہ جن کا ورک لوڈ مینجمنٹ مسئلہ نہیں انہیں مزید کھیلنے دیں، پی ایس ایل 17 فروری سے ہے، بیرون ملک لیگز میں تب آخری میچز کھیلے جا سکتے ہیں۔ مذکورہ کھلاڑی کا کہنا ہے کہ کچھ کھلاڑیوں کو 13 فروری تک این او سی دیا گیا جبکہ ایک کھلاڑی کو 16 فروری تک این او سی ملا ہوا ہے۔

کراچی: دی ماڈرن اسپتال کے زیر اہتمام ماڈرن پریمیئر لیگ کا فائنل جیتنے والی ٹیم ٹرافی کیساتھ خوشی کا اظہار کر رہی ہے۔ (فوٹو این این آئی)

فاسٹ باؤلر تسکین احمد ٹیسٹ کرکٹ سے ریٹائرمنٹ لینے کیلئے تیار

بنگلہ دیشن کے بولر تسکین ورلڈ کپ کے دوران کندھے کی انجری کا شکار ہو گئے تھے

ڈھاکہ (این این آئی) بنگلہ دیش کے فاسٹ بولر تسکین احمد نے اپنی طویل انجری کے باعث ٹیسٹ کرکٹ سے ریٹائرمنٹ پر غور شروع کر دیا۔ کرکٹ کی معروف ویب سائٹ کرک بز کی ایک رپورٹ کے مطابق بنگلہ دیش کے فاسٹ بالر تسکین احمد اپنی طویل انجری کے باعث ٹیسٹ کرکٹ کو خیرباد کہنے کے لیے تیار ہیں کیونکہ وہ وائٹ بال کرکٹ پر توجہ دینا چاہتے ہیں۔ تسکین نے اس سلسلے میں بنگلہ دیش کرکٹ بورڈ کو خط بھیجا تھا اور وہ ان کے جواب کا انتظار کر رہے ہیں۔ بی سی بی کو بھیجے گئے خط میں تسکین نے بورڈ پر زور دیا کہ وہ صرف وائٹ بال کرکٹ کے لیے ان پر غور کرے کیونکہ وہ محسوس کرتے ہیں کہ وہ زیادہ ڈیلیور کر سکتے ہیں اور اس سے انہیں کندھے کی انجری سے صحت یاب ہونے کے لیے کافی وقت ملنے میں مدد ملے گی۔ بی سی بی کے ایک اعلیٰ عہدیدار نے اس پیشرفت کی تصدیق کی لیکن کہا کہ انہوں نے اس معاملے پر ابھی فیصلہ کرنا ہے۔ بی سی بی کرکٹ آپریشن کے چیئرمین جلال یونس نے کہا تسکین نے ایک خط بھیجا تھا جس میں کہا گیا تھا کہ وہ طویل ورژن کی کرکٹ نہیں کھیلنا چاہتے۔

لاہور: لاہور پولو کلب کے زیر اہتمام نون پولو کپ کے پہلے روز پلاٹینم ہومز اور نول نیوٹریشن کی ٹیموں کے درمیان میچ کا منظر۔ (فوٹو این این آئی)

گلوکار علی ظفر نے پی ایس ایل 9 کے ترانے کا ٹائٹل بتا دیا

لاہور (این این آئی) پاکستان کے معروف گلوکار و اداکار علی ظفر نے پاکستان سپر لیگ 9 کے ترانے کا ٹائٹل مداحوں کے ساتھ شیئر کر دیا۔ ہر سال کی طرح اس سال بھی کرکٹ کے متوالے بڑی بے صبری سے پی ایس ایل کا انتظار کر رہے ہیں۔ نوجوان نا صرف پی ایس ایل کے میچز بلکہ اس سے قبل آنے والے اس کے ترانے میں بھی خوب دلچسپی رکھتے ہیں جسے اس بار علی ظفر کی جانب سے گایا جا رہا ہے۔ گلوکار علی ظفر اس ترانے کو تیار کرنے میں مصروف ہیں جبکہ انہوں نے گزشتہ روز عوام کا جوش و ولولہ بڑھانے کے لیے اس ترانے کا نام بھی بتا دیا ہے۔ علی ظفر نے اپنے ایکس اکاؤنٹ پر ترانے کا ٹیزر شیئر کرتے ہوئے لکھا ہے کہ تو اس بار یاری ہے کھیلنے اور بے خوف ہو کر جینے کی اسی لیے میں نے لکھا ہے۔

فیفا ورلڈ کپ 2026 کی تفصیلات سامنے آگئیں

میزبانی امریکہ، کینیڈا اور میکسیکو کریں گے، 48 ٹیمیں مدمقابل ہوں گی

نیویارک (این این آئی) فیفا فٹبال ورلڈ کپ 2026 کی تفصیلات سامنے آگئیں۔ فٹبال ورلڈ کپ 11 جون سے 19 جولائی تک جاری رہے گا جس میں 48 ٹیمیں حصہ لیں گی اور فائنل نیویارک کے میٹ لائف اسٹیڈیم میں کھیلا جائے گا۔ اس مرتبہ فٹبال ورلڈ کپ کی میزبانی امریکہ، کینیڈا اور میکسیکو کریں گے۔ رپورٹس کے مطابق فیفا ورلڈ کپ میں مجموعی طور پر 104 میچز کھیلے جائیں گے۔ فیفا نے ورلڈ کپ 2026 کے لئے 16 شہروں کا انتخاب کیا گیا ہے، ڈیلس میں سب سے زیادہ 9 میچز کھیلے جائیں گے۔ فیفا ورلڈ کپ 2026 کے 104 میچز 3 ممالک امریکہ، میکسیکو اور کینیڈا میں ہوں گے، ہر میزبان اپنے ہوم ملک میں 3، 3 میچز کھیلے گا۔ میچ شیڈول کے مطابق فیفا ورلڈ کپ 2026 ایونٹ کا افتتاحی میچ 11 جون کو میکسیکو اور فائنل 19 جولائی کو نیویارک نیوجرسی میں کھیلا جائے گا۔ شیڈول میں بتایا گیا ہے کہ فیفا ورلڈ کپ کا سیمی فائنل ڈیلس اور اٹلانٹا میں 14 اور 16 جولائی اور تیسری پوزیشن کا میچ 18 جولائی کو میامی میں ہوگا۔ فیفا کے مطابق گروپ کے ابتدائی 2 میچ ڈے پر دو، دو میچز ہوں گے۔

سر مت جھکا ورنہ سر سے تاج گر جائے گا' ثانیہ مرزا

ٹینس سٹار اپنی نئی تصویروں میں خوش، پراعتماد دکھائی دے رہی ہیں

ممبئی (این این آئی) بھارت کی سابقہ ٹینس اسٹار ثانیہ مرزا نے اپنی نئی پوسٹ شیئر کرتے ہوئے کہا ہے کہ سر مت جھکا شہزادی، ورنہ تمہارے سر کا تاج گر جائے گا۔ ثانیہ مرزا آج کل سوشل میڈیا پر کافی متحرک ہیں، وہ گاہے بگاہے اپنی نت نئی تصویروں کے ساتھ معنی خیز مختصر پیغامات شیئر کرتی نظر آتی ہیں۔ گزشتہ روز انہوں نے اپنی چار خوبصورت تصویریں شیئر کرتے ہوئے خود کو شہزادی قرار دیا ہے اور ساتھ میں ایک مشورہ بھی شیئر کیا ہے۔ ثانیہ مرزا کا اپنی اس نئی پوسٹ کے کیپشن میں لکھنا ہے کہ سر مت جھکا شہزادی، ورنہ تمہارے سر کا تاج گر جائے گا۔ ثانیہ مرزا اپنی ان نئی تصویروں میں خوش اور پراعتماد دکھائی دے رہی ہیں۔ یاد رہے کہ اس سے قبل انہوں نے اپنے بیٹے اور بھانجی کے ہمراہ تصویر شیئر کی تھی اور بچوں کو اپنی لائف لائن قرار دیا تھا۔

بقیہ 1

تھی بعدازاں پروگرام چینج ہوتا گیا اور میری شدید خواہش رہی کہ کالجز کافی بن گئے ہیں اور لوگ پرائیویٹ سیکٹر میں آگے ہیں میری خواہش تھی کہ پاکستان کی نامور خوبصورت یونیورسٹی کا قیام ہو جس کی ڈگری کی عزت ہو جیسے کہ ڈائریکٹر پنجاب یونیورسٹی پوٹھوہار کیمپس نے فرمایا کہ ایشیاء کی سب سے بڑی یونیورسٹی پنجاب یونیورسٹی کے لیے کام شروع کیا اور اس کے لیے فنڈز بھی مختص کیے گئے اور اللہ پاک کی مہربانی سے ہائر ایجوکیشن کے پاس آ گئے ہیں ہم چاہ رہے تھے کہ ٹائم ضائع نہ ہو کیونکہ بلڈنگ بننے میں تقریباً 3 سال کا عرصہ لگے گا اس دوران کلاسیں شروع کرنے کے لیے بڑا لمبا پروسیجر تھا کہ کس طریقے سے کلاسیں شروع کی جائیں تو ڈائریکٹر کیمپس اور انکی ٹیم کی کاوشوں سے گورنمنٹ مسلم سیکنڈری سکول گوجرخان میں شام کے وقت کلاسسز شروع کرنے کا پروگرام بنا اس میں بھی ایک مسلہ درپیش تھا تاہم وزیراعلی پنجاب محسن نقوی سے رابطہ کیا گیا میں انکا بھی شکرگزار ہوں کہ انھوں نے اس کو حل کروایا اور اس سلسلے میں بورڈ بھی لگ اب میرے لیے مسلہ تھا کہ اسکی انونسمنٹ کہاں کروں تو میں نے سوچا کہ میں پریس کلب میں جا کر بتاؤں کہ آج میرا دیرینہ خواب پورا ہو گیا ہے

بقیہ 2

کی رہائش گاہ جاتے ہوئے نامعلوم افراد کی فائرنگ سے شدید زخمی ہو گئے جنہیں ابتدائی طبی امداد کے بعد کراچی منتقل کر دیا گیا۔ ذوالفقار شاہ کے فائرنگ کے نتیجے میں گولی گردن سے لگتی ہوئی نکل گئی۔ پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے فائرنگ کے واقعہ پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے ملزمان کی فوری گرفتاری اور عوام سے ذوالفقار علی شاہ کی صحت یابی کے لئے دعا کی اپیل کی ہے۔ دوسری جانب الیکشن کمیشن نے واقعہ پر چیف سیکرٹری اور آئی جی سندھ سے فوری رپورٹ طلب کرتے ہوئے معاملہ پر قانونی کارروائی مکمل کرنے کی ہدایات جاری کر دیں۔

بقیہ 3

کرتے ہوئے ان تمام ترقیوں کو واپس لے لیا ہے اور اس کے ذمہ داران جنہوں نے سپیکر سے حقائق مخفی رکھے ہیں اور مس کنڈکٹ کیا ہے ان کے خلاف سخت محکمانہ کارروائی کا حکم بھی دیا ہے۔

بقیہ 4

ہونے والی بوتل میں مرشد کا پڑھا ہوا پانی تھا۔ ان کا کہنا تھا کہ لوگ ان کی روحانی بات کو نہیں سمجھ رہے، وہ ان کا اور ان کے مرشد کا معاملہ ہے، اس بوتل میں ان کے مرشد کا پڑھا ہوا پانی تھا، جس وجہ سے وہ پریشان تھے۔ انٹرویو میں انہوں نے یہ بھی اعتراف کیا کہ بیرون ممالک ہونے والی شادیوں میں انہیں زیادہ تر بھارتی لوگ مدعو کرتے ہیں۔ ان کے مطابق جب بھارتی لوگوں نے دیکھا کہ راحت فتح علی خان اور عاطف اسلم انڈیا نہیں آ سکتے تو انہوں نے اپنی شادیاں دوسرے ممالک میں کرنا شروع کیں اور انہیں پرفارمنس کے لیے بلانے لگے۔ انہوں نے بیرون ممالک ہونے والی شادیوں میں مدعو کرنے کے لیے بھارتیوں کا شکریہ بھی ادا کیا۔ راحت فتح علی خان نے یہ دعوی بھی کیا کہ وہ اپنے ساتھ پرفارمنس کرنے والے موسیقاروں کو سب سے زیادہ معاوضہ دیتے ہیں، پورے برصغیر میں کوئی بھی گلوکار ان جتنا معاوضہ موسیقاروں کو نہیں دیتا۔ خیال رہے کہ گزشتہ ماہ 27 جنوری کو سوشل میڈیا پر راحت فتح علی کی ویڈیو وائرل ہوئی تھی، جس میں انہیں گھریلو ملازم اور اپنے شاگرد کو تشدد کا نشانہ بناتے ہوئے دیکھا گیا تھا۔ مذکورہ ویڈیو میں گلوکار ملازم سے بوتل کا پوچھتے رہے تھے، جس کے بعد ان پر خوب تنقید کی گئی اور بعدازاں راحت فتح علی خان نے اپنے رویے پر معافی بھی مانگی تھی۔ بعدازاں ویڈیو میں ساتھ موجود ملازم نے بھی وضاحتی بیان دیا تھا کہ ویڈیو میں جس بوتل کی وجہ سے تنازع کھڑا ہوا، اس میں پانی تھا اور وہ ان کے مرشد نے پڑھا ہوا تھا، وہ بوتل مجھ سے گم ہو گئی تھی۔

بقیہ 5

صحافیوں کے پلاٹ دینے پر حکم امتناع جاری کرتے ہوئے پنجاب حکومت اور روڈا کے اشتہار پر عملدرآمد عدالتی حکم سے مشروط کر دیا جبکہ پنجاب حکومت، سی ای او روڈا اور پنجاب جرنلسٹ ہاؤسنگ فاؤنڈیشن کو نوٹس جاری کرتے ہوئے جواب طلب کر لیا گیا۔ عدالت نے استفسار کیا انفارمیشن ڈیپارٹمنٹ ملازمین کو نظر انداز کر کے پلاٹس کی الاٹمنٹ کیسے ہو سکتی ہے؟ عدالت نے کہا کہ آپ نے اس اشتہار کو کیوں چیلنج کیا؟ درخواست گزار کے وکیل نے موقف اپنایا کہ پنجاب جرنلسٹ ہاؤسنگ فاؤنڈیشن ایک ادارہ ہے، ادارہ انفارمیشن ڈیپارٹمنٹ کے زیر سرپرستی کام کرتا ہے، جرنلسٹ ہاؤسنگ فاؤنڈیشن کا کام صحافیوں کی فلاح و بہبود ہے، فورم کا کام صحافیوں کو رہائش کیلئے بلا معاوضہ بغیر منافع پلاٹ فراہم کرنا ہے، انفارمیشن ڈیپارٹمنٹ ملازمین کا کوٹہ 2004 قانون میں مختص کیا گیا، الاٹمنٹ کے فارم جاری کرنا، پی جے ایچ ایف کا کام ہے

بقیہ 6

بیکری حملہ کیس اور تھانہ شادمان کے مقدمے میں ڈاکٹر یاسمین راشد سمیت دیگر ملزمان پر فرد جرم عائد کی۔

بقیہ 7

نظام کے حوالے سے اہم اجلاس منعقد ہوا، اجلاس میں عام انتخابات 2024 کے موقع پر ٹریفک انتظامات کے حوالے سے کیے گئے اقدامات کا جائزہ لیا گیا اور اس موقع پر تشکیل دیئے گئے ٹریفک پلان کو حتمی شکل دی گئی، عام انتخابات کے موقع پر وفاقی دارلحکومت اسلام آباد میں ٹریفک قوانین پر پابندی کو یقینی بنانے، ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف قانونی کاروائی کو مزید سخت اور موثر بنانے اور شہریوں کو حادثات سے محفوظ رکھنے کیلئے تمام زونل ڈی ایس پیز کو خصوصی ہدایات جاری کی گئیں، عام انتخابات کے دن شہر میں ٹریفک کی روانی کو بہتر بنانے کے لیے خصوصی اقدامات کے ساتھ ٹریفک قوانین پر عملدرآمد کو یقینی بنایا جائے تاکہ شہریوں کو ہر ممکن سفری سہولیات میسر آ سکیں، پولنگ اسٹیشنز کے باہر پارکنگ کا معقول انتظام کیا جائے، تمام افسران و جوانوں کو ہدایات دی گئیں کہ وہ پوری تندہی سے اپنے فرائض منصبی سرانجام دیں، زونل انچارج اپنی بیٹ کے ذمہ دار ہو گے اور فرائض میں کوتاہی اور لاپرواہی برتنے والوں کے خلاف سخت محکمانہ کارروائی بھی عمل میں لائی جائے گی۔

بقیہ 8

نوجوان موقع پر دم توڑ گیا جبکہ خاتون سمیت 2 شدید زخمی ہو گئے۔ حادثے کی اطلاع ملنے کے بعد ریسکیو ٹیم موقع پر پہنچ گئی، لاش اور زخمیوں کو قریبی ہسپتال منتقل کر دیا گیا جہاں زخمی ہونے والوں کو طبی امداد دی جا رہی ہے، جاں بحق ہونے والے نوجوان کی شناخت چاند محمد کے نام سے ہوئی ہے۔

بقیہ 9

غیر قانونی پناہ گزین گرفتار کر لیے۔ غیر قانونی پناہ گزین کی گرفتاری کے ساتھ ساتھ اربوں روپے مالیت کی منشیات، تیل، روزمرہ کے استعمال کی اشیاء بھی برآمد کر لی گئی۔ اعلامیے کے مطابق پاکستان کوسٹ گارڈز نے ضلع گوادر کے علاقوں جیونی اور پسنی سے سمندر کے ذریعے منشیات اور اسمگل ہونے کی خفیہ اطلاع پر کارروائی کرتے ہوئے منشیات کی کھیپ اور دیگر اشیاء برآمد کر لی۔ مختلف مقامات میں چیکنگ کے دوران 6 غیر مقامی افراد گرفتار، ایک کلوگرام آئیس، 8568 کلوگرام سپاری، 95 کاٹن سگریٹ، 2151 کلوگرام کپڑا، 1150 کلوگرام کیمیکل، 2151 کاٹن اور سینکڑوں مختلف دیگر اشیاء کے ساتھ 19380 لیٹرز پٹرول 62790 لیٹرز ڈیزل برآمد کر لیا گیا۔

بقیہ 10

رپورٹ میں افسوس کا اظہار کیا گیا کہ مقبوضہ علاقے میں قتل و غارت، تشدد، اغوا اور خواتین کی بے حرمتی ایک معمول بن چکا ہے۔ 1989 سے اب تک 95 ہزار 971 کشمیری اپنی جانوں سے ہاتھ دھو بیٹھے ہیں لیکن عالمی برادری خاموش تماشائی بنی ہوئی ہے۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ 5 اگست 2019 سے کشمیریوں کی پریشانیوں میں کئی گنا اضافہ ہوا ہے جب مودی کی فسطائی بھارتی حکومت نے مقبوضہ جموں و کشمیر کو مرکز کے زیر انتظام دو علاقوں میں تقسیم کیا اور علاقے کا فوجی محاصرہ کیا۔

بقیہ 11

کی وجوہات کے بارے میں بھی استفسار کیا ہے جبکہ الیکشن کمیشن عبوری حکومت کو پی آئی اے کی نجکاری پر فیصلے سے پہلے ہی روک چکا ہے۔ حکومتی ذرائع نے بتایا کہ آئی ایم ایف نے 3 اہم تجاویز کے معاشی اور قانونی طور پر قابل عمل ہونے کے بارے میں مزید تفصیلات طلب کیں۔ آئی ایم ایف نے دو ورچوئل میٹنگز کیں لیکن ان کے نتائج پاکستانی حکام کی توقعات سے کم تھے۔ ان تجاویز پر بات چیت کا اگلا دور پاکستانی حکام کی جانب سے اضافی معلومات فراہم کرنے اور آئی ایم ایف کے اندرونی جائزے کے بعد ہو گا۔ آئی ایم ایف نے تینوں تجاویز کو نہ تو مسترد کیا اور نہ ہی قبول کیا۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ ان دو ملاقاتوں سے یہ بات سامنے آئی ہے کہ آئی ایم ایف منتخب حکومت کے دور میں اس پر مزید غور کرے گا۔ نگراں حکومت عہدہ چھوڑنے سے پہلے تینوں تجاویز پر پیشرفت کی خواہشمند ہے۔ یہ ملاقاتیں انتخابات سے صرف تین دن قبل پاکستانی حکام کی درخواست پر ہوئیں۔ وزارت خزانہ کے ترجمان قمر عباسی نے اس سوال کا جواب نہیں دیا کہ کیا آئی ایم ایف نے تینوں تجاویز کو کلیئر نہیں کیا اور مزید معلومات مانگی ہیں۔

بقیہ 12

ملک شوکت، ملک چنگیز اعوان، سابقہ ایم پی اے ثمینہ جدون کے برادر جہانزیب خان جدون، گرداور ملک افضل مرحوم کی فیملی، سابقہ کونسلر چودھری عدالت مرحوم کی فیملی کی کاوشوں سے قریشی برادری نے چودھری نثار علی خان کی حمایت کا اعلان کر دیا۔ خطاب کے دوران رئیس آف چکری چودھری وقار علی خان نے کہا کہ حاجی میر داد مرحوم گرداور ملک افضل مرحوم اور چودھری عدالت مرحوم 1985 سے لے کر آج دن تک خاندان سمیت ہمارے ساتھ کھڑا ہے۔ انکے ساتھ ہمارا سیاسی رشتہ نہیں گھریلو رشتہ ہے چودھری نثار علی خان برسراقتدار آ کر چک جلال دین میں پانی کے دیرینہ مسائل سمیت علاقہ کے تمام مسائل حل کریں گے

بقیہ 13

ضلع شمالی وزیرستان میں آپریشن کے دوران 2 دہشتگردوں کو ہلاک کر دیا۔ ترجمان پاک فوج کے مطابق دوران آپریشن دہشتگردوں کا سرغنہ ایوب اللہ عرف منصور بھی مارا گیا، کارروائی میں اسلحہ اور دھماکا خیز مواد بھی برآمد کیا گیا ہے۔ آئی ایس پی آر نے کہا ہے کہ علاقے میں دہشت گردی کے خاتمے تک آپریشن جاری رہے گا۔

بقیہ 14

نائب صدور طاہر بشیر مغل، صولت ملک، جوائنٹ سیکرٹری سید عرفان حیدر شاہ، سابق صدر پاکستان ٹیکس بار رانا منیر حسین اور جنرل سیکرٹری قمر الزمان چودھری بھی موجود تھے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کو نومبر تک 70 ارب ڈالرز کی بیرونی ادائیگیاں کرنی ہیں، دوست ممالک کے قرضوں کو رول اوور کرنے سے بھی معاملات نہیں چلیں گے۔ یہ طے شدہ ہے کہ پاکستان ابھی آئی ایم ایف کو خدا حافظ کہنے کی پوزیشن میں نہیں ہے اور اسے جلد دوبارہ ایک بڑے پروگرام کے لئے آئی ایم ایف سے رجوع کرنا پڑے گا۔ اپیل ہے کہ جو بھی نئی حکومت آئے وہ اصلاحات اور ری سٹرکچرنگ پر توجہ مرکوز کرے، برآمدات بڑھائی جائیں، سمال اینڈ میڈیم انڈسٹری کا ہاتھ تھاما جائے اور اسے بھی ویلیو ایڈیشن کے ذریعے برآمدی انڈسٹری میں تبدیل کیا جائے، چین سمیت بہت سے ممالک اس کی کامیابی کی مثالیں ہیں، آئی ٹی پر زیادہ سے زیادہ سرمایہ کی جائے۔

بقیہ 15

بعد خواتین ووٹرز کی رجسٹریشن مردوں سے بڑھ گئی ہے۔ نئے رجسٹرڈ 2 کروڑ 25 لاکھ ووٹرز میں 1 کروڑ 25 لاکھ خواتین اور ایک کروڑ مرد ہیں۔ 2018 میں 85 اضلاع میں صنفی فرق 10 فیصد سے زیادہ تھا، اب ان اضلاع کی تعداد 85 سے کم ہو کر 24 رہ گئی ہے۔

بقیہ 16

متوقع ہیں۔ گینگ کے گرفتار ملزمان میں ساجد عرف عرف ساجو، قاسم اور رحمان شامل ہیں جو ڈکیتی و رابری سمیت 24 مقدمات میں سابقہ ریکارڈ یافتہ ہیں، ملزمان نے کچھ عرصہ قبل اسلحہ کے زور پر ضلع فیصل آباد کے رہائشی منور اقبال سے کیمیکل سے لوڈ لوڈر رکشہ چھینا تھا اور فرار ہو گئے تھے جس کا مقدمہ تھانہ جھمرہ میں درج ہوا، ملزمان سادہ لوح شہریوں کو اسلحہ کے زور پر لوٹ کر فرار ہو جاتے، ساجد عرف ساجو گینگ خوف کی علامت بنا ہوا تھا جسکی گرفتاری پولیس کی کارکردگی پر سوالیہ نشان بنی ہوئی تھی۔ سی آئی اے پولیس ٹیم نے انسپکٹر تصور منیر کی سربراہی میں جدید ٹیکنالوجی کی مدد سے ڈکیت گینگ کو گرفتار کیا، ڈی پی او صاحد عزیز نے کامیاب کارروائی پر انچارج سی آئی اے تصور منیر اور ہمراہی ٹیم کو شاباش دی ہے۔ ڈی پی او کا کہنا ہے کہ جرم کرنے والے جتنے بھی طاقتور کیوں نہ ہوں قانون کے شکنجے سے نہیں بچ سکتے۔

بقیہ 17

میٹر مشکوک پایا گیا، چیک کرنے پر معلوم ہوا کہ میٹر کو شینٹ لگا کر ٹمپر کیا گیا ہے، لیسکو ٹیم نے ٹمپر شدہ میٹر کو قبضے میں لے کر ملزم کے خلاف متعلقہ تھانے میں مقدمہ درج کرا دیا ہے۔ ملزمان کو 42 ہزار 700 یونٹس ڈیٹیکشن بل بھی چارج کیا گیا ہے جس کی مالیت 20 لاکھ روپے سے زائد بنتی ہے۔

بقیہ 18

قومی اور 10 صوبائی نشستوں پر ووٹران کے حق رائے دہی کے لیے 1697 پولنگ اسٹیشنز قائم کیئے گے جن میں سے 228 پولنگ سٹیشن کو انتہائی حساس ترین اور 170 پولنگ سٹیشن کو حساس جبکہ 1299 پولنگ اسٹیشن کیٹگری سی میں رکھ کر الیکشن کے پرامن انعقاد کو یقینی بنایا جائے گا۔ انہوں نے بتایا کہ ضلع کے انتہائی حساس پولنگ اسٹیشنز پر سی سی ٹی وی کیمرے نصب کر دیئے گے جہاں امن و امان کے لئے رینجرز تعینات ہوگی جبکہ فوج کو سٹینڈ بائی میں رکھا گیا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ الیکشن میٹریل متعلقہ ریٹرننگ افسران کو پہنچنا شروع ہو گیا۔ الیکشن کمیشن کی ہدایت پر شفاف اور منصفانہ انتخابات کیلئے اقدامات مکمل کر لئے گے ہیں اور کمشنر دفتر میں ریجنل کنٹرول روم چوبیس گھنٹے کام کر رہا ہے۔ ڈی پی او محمد فیصل کامران نے بتایا کہ الیکشن 2024 کے لئے تمام تر سکیورٹی انتظامات کو حتمی شکل دے کر ضلع کے پولنگ اسٹیشنز پر 6000 زائد پولیس آفیسران سمیت دیگر اداروں کے اہلکاروں کو الیکشن ڈیوٹی کے فرائض سونپ دیئے گے ہیں اور کیٹگری اے، بی، اور سی کے تمام پولنگ اسٹیشنز پر سیکورٹی کو یقینی بنانے تمام حلقوان کو سیکٹر وائز اور سب سیکٹر وائز تقسیم کر دیا گیا ہے ڈی پی او نے کہا کہ الیکشن کمیشن کی طرف سے جاری کردہ ضابطہ اخلاق کا سب کو علم ہونا چاہیے جس پر عملدرآمد کو یقینی بنایا جائے گا ڈی پی او نے واضح کیا کہ ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی کو کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا۔

بقیہ 19

کے باعث دوبارہ ان اقدامات کی بحالی نہ ہو سکی، الیکشن میں امید ہے نواز شریف کی کامیابی کی صورت میں حکومت اس مسئلہ کو روائتی یکجہتی کے بجائے سنجیدہ اقدامات اٹھائے گی اور ہندوستان کے ساتھ مسئلہ کشمیر کے ایسے حل کیطرف پیشرفت کریں گے تا کہ کشمیری عوام کا تشخص اور جغرافیائی حیثیت بحال رہے، ان خیالات کا اظہار سماجی کارکن ڈاکٹر ایم شفیق قریشی نے یوم یکجہتی کشمیر کے حوالے سے منعقدہ تقریب میں کیا، انہوں نے کہا ہند و پاک کے عوام کا دفاعی خرچ عوامی ترقیاتی منصوبہ جات کیطرف مڑے اور تخفیف غربت کا سبب بنے اور خطے کے پڑوسی ممالک خصوصاً برصغیر میں امن کا دور شروع ہو کشمیر میں امن کی شروعات کے لئے سب سے پہلے مصنوعی لائین آف کنٹرول پر تناؤ کم کر کے منقسم کشمیری خاندانوں کے درمیان رابطہ اور پھر عام شہریوں کے درمیان آر پار آنے جانے کے لئے نرمی کی جائے تو پھر کسی مستقل حل کی طرف پیشرفت ممکن ہو سکے گی مسئلہ کشمیر اقوام متحدہ اور پرامن بقائے باہمی کا درس دینے والے ممالک اور اقوام کے لئے بھی باعث ندامت و باعث شرم ھے اپنے معاشی مفادات اور علاقائی بالادستی کے بجائے انسانیت کے ناطے اس معاملے کو حل کرنے کے بجائے طوالت کی نظر کر دیا گیا۔

بقیہ 20

مقدمہ درج کر دیا اور خاتون ملزمہ کو جوڈیشل ریمانڈ پر ڈسٹرکٹ جیل بھجوا دیا گزشتہ روز خاتون منشیات فروش مہناز بی بی کو جیل سے پولیس پہرہ میں عدالت پیش کیا گیا تو فاضل عدالت کے جج محمد راشد نے مقدمہ کا فیصلہ سناتے ہوئے 25 سالہ خاتون منشیات فروش مہناز بی بی کو 9 سال قید با مشقت اور 80 ہزار روپے جرمانہ کی سزا کا حکم سنا دیا۔

بقیہ 21

نفاذ نظام مصطفیٰ کی راہ ہموار کریں، کرپٹ اور نااہل سیاستدانوں کو دوبارہ آزمانا اپنے پاؤں پر کلہاڑی مارنے کے مترادف ہو گا، ان خیالات کا اظہار پاکستان سنی تحریک کے ڈویژنل رہنما علامہ عطاء الرحمٰن دھنیال نے تحریک لبیک پاکستان کے رہنماؤں سے ملاقات کے موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کیا، علامہ عطاء الرحمٰن دھنیال کا کہنا تھا کہ پاکستان سنی تحریک نے راولپنڈی کی سطح پر این اے 51، این اے 52، این اے 54، این اے 55، این اے 56، پی پی 6، پی پی 7، پی پی 8، پی پی 9، پی پی 12، پی پی 16، میں ٹی ایل پی کی حمایت کا اعلان کیا ہے، عوام ووٹ کی طاقت سے ایماندار و دیانتدار افراد کا چناؤ کریں، ماضی میں اقتدار کے مزے لوٹنے والوں نے عوام کو مایوسیوں اور محرومیوں کے سوا کچھ نہیں دیا، غربت، مہنگائی اور قرضوں کے بوجھ تلے عوام کو دھنسانے والوں کا ووٹ کی طاقت سے محاسبہ کیا جائے، اس موقع پر تحریک لبیک پاکستان کے رہنماؤں کا کہنا تھا کہ ہم پاکستان سنی تحریک کی طرف سے حمایت کے شکرگزار ہیں، ہماری منزل دنیاوی غرض و غائیت یا اقتدار نہیں بلکہ عوام کی خدمت ہمارا منشور ہے، اگر عوام نے کرین پر مہر لگا کر ہمیں اعتماد کا ووٹ دیا تو ایوانوں میں جا کر انشاء اللہ ملک و قوم کی بھرپور خدمت کریں گے۔

بقیہ 22

رہ سکتا۔ دائر اپیل میں موقف اختیار کیا گیا سندھ ہائیکورٹ نے قانون کا درست جائزہ نہیں لیا، سندھ ہائیکورٹ کا فیصلہ کالعدم قرار دیتے ہوئے بلاول بھٹو کو تیر کے نشان پر الیکشن لڑنے سے روکا جائے۔

بقیہ 23

آمدنی دوگنا کر دیں گے، بھٹو خاندان اور پیپلز پارٹی غریبوں کی تکلیف سمجھتی ہے، آپ کو بتائیں گے پیپلز پارٹی کیسے عام آدمی کی زندگی میں بہتری لائے گی، پیپلز پارٹی نے سندھ میں عوام کے علاج کیلئے ہسپتال بنائے جہاں عوام کا علاج مفت ہوتا ہے۔ انتخابی ریلی سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی ہمیشہ عوام کے ساتھ کھڑی رہتی ہے، ملک میں آنے والے تاریخی سیلاب میں بلاول بھٹو عوام کے ساتھ رہے، ہر ضلع میں عوام کے مفت علاج کیلئے ہسپتال بنائیں گے، سندھ میں 20 لاکھ گھر بنا کر مالکانہ حقوق دے رہے ہیں۔ آصفہ بھٹو نے مزید کہا کہ پیپلز پارٹی کی حکومت بنی تو کسان کارڈ، ہاری کارڈ اور یوتھ کارڈ جیسے منصوبے لائیں گے۔ آصفہ بھٹو نے کہا ہے کہ 8 فروری کو تیر پر مہر لگا کر بلاول بھٹو کو وزیراعظم بنائیں گے۔ آصفہ بھٹو نے کہا کہ اگر آپ یوتھ کارڈ اور مزدور کارڈ چاہتے ہیں تو تیر کے نشان پر مہر لگائیں، اگر چاہتے ہیں کہ ملک بھر میں 30 لاکھ گھر بنائیں تو تیر پر مہر لگائیں، اگر آپ چاہتے ہیں کہ ملک میں 30 لاکھ گھر بنیں تو تیر پر مہر لگائیں۔ انہوں نے بتایا کہ اگر ہمیں حکومت کا موقع ملا تو ملک کی کچی آبادیوں کو ریگولرائز کریں گے، عوام کی فلاح و بہبود کے لیے بینظیر انکم سپورٹ پروگرام لائیں گے۔ ریلی کے شرکا کو مخاطب کرتے ہوئے انہوں نے دعوی کیا کہ پیپلز پارٹی آپ کے لیے سیاست کر رہی ہے۔

بقیہ 24

درخواست پر سماعت کی۔ دوران سماعت چیف جسٹس سندھ ہائیکورٹ نے انٹرنیٹ سروس کی بندش اور تعطل پر برہمی کا اظہار کیا ہے۔ چیف جسٹس عقیل احمد عباسی نے کہا کہ ہمارا انٹرنیٹ نہیں چلتا تو کہیں اور کیا چلتا ہو گا، لگتا ہے الیکشن کے بعد انٹرنیٹ سروس ٹھیک ہو جائے گا۔ عدالت نے بعدازاں پی ٹی اے کے وکیل کی عدم حاضری پر سماعت 21 فروری تک ملتوی اور ملک بھر میں انٹرنیٹ سروس بلا تعطل بحال رکھنے کے حکم امتناع میں توسیع کرتے ہوئے موبائل انٹرنیٹ سروس بھی بلا تعطل جاری رکھنے کا حکم برقرار رکھا۔

بقیہ 25

ہیں؟ تحریری حکم نامے کے مطابق عدالت نے فریقین سے دلائل طلب کر لئے گئے، کیس کی آئندہ سماعت 14 فروری کو ہو گی۔

بقیہ 26

آئی اے سے اگلی سماعت پر جواب طلب کرتے ہوئے کیس کی سماعت آئندہ ہفتے تک ملتوی کر دی ہے۔ واضح رہے کہ بانی پی ٹی آئی کی بہن علیمہ خان نے ایف آئی اے نوٹسز کو اسلام آباد ہائی کورٹ میں چیلنج کر دیا تھا، ان کی درخواستوں میں ایف آئی اے کو فریق بنایا گیا تھا۔ علیمہ خان نے درخواست آج ہی سماعت کے لیے مقرر کرنے کی استدعا بھی کی تھی۔ بانی پی ٹی آئی کی بہن علیمہ خان نے اپنی درخواست میں ایف آئی اے سائبر کرائم اور انسداد دہشتگردی ونگ کی طرف سے جاری نوٹسز معطل کرنے کی استدعا کی۔ درخواست میں مؤقف اپنایا گیا کہ ایف آئی اے سائبر کرائم اور انسداد دہشتگردی ونگ کی طرف سے الگ الگ نوٹسز جاری کیے گئے ہیں۔ مزید درخواست کی گئی کہ عدالت فریقین کو انکوائری سے متعلق شواہد پیش کرنے کا بھی حکم دے اور بتایا جائے کہ کن الزامات اور شواہد کے تحت نوٹسز جاری کیے گئے ہیں تاکہ درخواست گزار کو قانونی دفاع کا حق مل سکے۔ یاد رہے کہ 2 فروری 2024 کو پاکستان تحریک انصاف کے بانی عمران خان کی ہمشیرہ علیمہ خان کے خلاف سائبر کرائم انکوائری کا نوٹس جاری کر دیا گیا تھا۔ علیمہ خان کے خلاف ایف آئی اے سائبر کرائم کے نتیجے میں انکوائری کا نوٹس جاری کیا گیا اور انکوائری کا یہ حکم ریاست کی مدعیت میں دیا گیا۔ نوٹس میں کہا گیا کہ علیمہ خان کے خلاف انکوائری کا حکم دھمکیاں، معاشرے میں انتشار پھیلانے اور عوام میں خوف و ہراس پھیلانے کے نتیجے میں دیا گیا ہے۔

بقیہ 27

فرخ حبیب، ایمن سرفراز، احمد بھٹی، نعمان اور دیگر ملزمان شامل ہیں۔ ذرائع کے مطابق انسداد دہشت گردی کی عدالت نے ملزمان کے اشتہار جاری کر دیئے، ملزمان کو اشتہاری قرار دینے کے اشتہار گھر، دفاتر اور اہم مقامات پر آویزاں کیے جائیں گے۔ واضح رہے شہباز گل سمیت سینکڑوں پی ٹی آئی رہنماؤں پر قومی اداروں کے خلاف بغاوت پر اکسانے، حساس اداروں پر حملوں سمیت جلاؤ گھیراؤ کے درجنوں مقدمات درج ہیں۔

بقیہ 28

ذرائع نے بتایا کہ آئی ایم ایف نے 3 اہم تجاویز کے معاشی اور قانونی طور پر قابل عمل ہونے کے بارے میں مزید تفصیلات طلب کیں۔ آئی ایم ایف نے دو ورچوئل میٹنگز کیں لیکن ان کے نتائج پاکستانی حکام کی توقعات سے کم تھے۔ ان تجاویز پر بات چیت کا اگلا دور پاکستانی حکام کی جانب سے اضافی معلومات فراہم کرنے اور آئی ایم ایف کے اندرونی جائزے کے بعد ہو گا۔ آئی ایم ایف نے تینوں تجاویز کو نہ تو مسترد کیا اور نہ ہی قبول کیا۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ ان دو ملاقاتوں سے یہ بات سامنے آئی ہے کہ آئی ایم ایف منتخب حکومت کے دور میں اس پر مزید غور کرے گا۔ نگراں حکومت عہدہ چھوڑنے سے پہلے تینوں تجاویز پر پیشرفت کی خواہشمند ہے۔ یہ ملاقاتیں انتخابات سے صرف تین دن قبل پاکستانی حکام کی درخواست پر ہوئیں۔ وزارت خزانہ کے ترجمان قمر عباسی نے اس سوال کا جواب نہیں دیا کہ کیا آئی ایم ایف نے تینوں تجاویز کو کلیئر نہیں کیا اور مزید معلومات مانگی ہیں۔ آئی ایم ایف کی نمائندہ ایستھر پیریز نے بھی کوئی جواب نہیں دیا۔

بقیہ 29

فضائی آلودگی کی طرف اشارہ کیا ہے۔ رپورٹ کے مطابق سال 2022 میں پھیپھڑوں کا کینسر دنیا بھر میں کینسر کی سب سے عام شکل تھا، اس کے بعد خواتین کی چھاتی، پروسٹیٹ اور پیٹ کے کینسر ہیں۔ تحقیق میں یہ بات بھی سامنے آئی کہ دنیا بھر میں کینسر کے لیے بڑی عدم مساوات اور مالی تحفظ کا فقدان ہے، اور کم آمدنی والے ممالک میں لوگ کینسر کی دیکھ بھال کی بنیادی باتوں تک رسائی سے قاصر ہیں۔ صورتحال کے پیش نظر ڈبلیو ایچ او انسداد کینسر کے اقدامات کے ذریعے 75 سے زیادہ حکومتوں کے ساتھ مل کر کینسر کی دیکھ بھال کو فروغ دینے کے لیے پالیسیاں تیار کرنے اور مالی اعانت اور ان پر عمل درآمد کرنے کے لیے کام کر رہا ہے۔

بقیہ 30

اکثریت نے حاضری کی یقین دہانی کرائی ہے۔ علاوہ ازیں ٹمیاری میں الیکشن ڈیوٹی نا کرنے والے 10 سرکاری ملازمین کے وارنٹ گرفتاری جاری کر دیئے گئے۔ سرکاری ملازمین کے وارنٹ گرفتاری ٹمیاری ریٹرننگ افسر نے دیئے جس نوٹیفکیشن بھی جاری کر دیا گیا۔ ریٹرننگ افسر نے سینئر سپرنٹنڈنٹ پولیس کو ملازمین کو گرفتار کر کے پیش کرنے کا حکم بھی دیا۔

بقیہ 31

سیکیورٹی حالات کے پیش نظر کسی ضلع یا صوبے کی درخواست آئی تو سروس بند کرنے پر غور کیا جائے گا۔ گوہر اعجاز نے کہا کہ ہر پولنگ اسٹیشن پر 7 سے 8 سیکیورٹی اہلکار تعینات ہوں گے، حساس پولنگ اسٹیشنز پر سی سی ٹی وی کیمروں سے نگرانی ہو گی، ایک لاکھ 37 ہزار سے زائد سیکیورٹی اہلکار عوام کی حفاظت کے لیے تعینات کیے گئے ہیں۔ نگراں وزیر داخلہ نے کہا کہ یقین ہے کہ انتخابات پرامن ہوں گے، مجموعی طور پر انتخابات کی سیکیورٹی کے لیے ساڑھے چھ لاکھ سے زائد وفاقی اور صوبائی سیکیورٹی اہلکار تعینات کیے گئے ہیں۔ وزیر داخلہ نے کہا کہ ہمیں ان فورسز سے خطرہ ہے جو پاکستان کو مستحکم نہیں دیکھنا چاہتے، باجوڑ واقعے کے پیچھے اصل مقصد صرف ہمیں ڈرانا تھا۔ ڈاکٹر گوہر اعجاز نے کہا کہ پاکستان کا نام اور عزت ہمارے میڈیا کے ہاتھ میں ہے، یہ 25 کروڑ لوگوں کی امانت میڈیا کے پاس ہے۔ حکومت نے 5 ماہ اور 18 دن محنت سے کام کیا ہے، اس الیکشن میں آپ اپنی ایمانداری سے ووٹ دیں۔ نگراں وزیر داخلہ نے کہا کہ جہاں جہاں سی سی ٹی وی موجود ہے ہم نے لگائے ہیں، ہمارے پاس 90 ہزار 777 پولنگ اسٹیشن ہیں، 40 ہزار پولنگ اسٹیشن نارمل پولنگ اسٹیشن ہیں لیکن یہاں پر بھی سیکیورٹی تعینات ہے۔ 16 ہزار 786 پولنگ اسٹیشن انتہائی حساس ہیں جبکہ وفاقی حکومت کے 135 حساس پولنگ اسٹیشن ہیں۔ نگران وفاقی وزیر اطلاعات مرتضی سولنگی نے کہا کہ پچھلے سال 17 اگست 2023 کو کابینہ کے حلف اٹھانے کے بعد اگلے روز پریس کانفرنس میں کہا تھا کہ الیکشن کمیشن نے ہی انتخابات کرانے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ الیکشن کے بارے میں بہت سی قیاس آرائیاں تھیں جس کے باوجود 8 فروری 2024 کو انتخابات ہو رہے ہیں، ملکی اور غیر ملکی صحافیوں کی سہولت کے لیے کل وزارت اطلاعات نے آن لائن ہیلپ لائن کا آغاز کیا، آئین کے دیباچے میں لکھا ہے کہ یہ ملک اس کے منتخب نمائندے چلائیں گے۔ مرتضی سولنگی نے کہا کہ انتخابات پرامن طور پر منعقد ہوں گے، 2018 کے انتخابات 2008 اور 2013 کی نسبت زیادہ پرامن تھے لیکن اس کے باوجود 666 لوگ جان سے گئے البتہ 2013 میں صورتحال زیادہ خراب تھی اور 2008 میں بے نظیر بھٹو کی شہادت کے بعد ایک مہینے انتخابات میں تاخیر ہوئی۔ نگراں وزیر اطلاعات نے کہا کہ پاکستان کے عوام دہشت گردی کے خلاف ایک دہائی سے زیادہ عرصے سے لڑ رہے ہیں، پاکستانی عوام کے حوصلے پست نہیں ہوئے اور اکا دکا واقعات کی وجہ سے پاکستانی عوام اپنے گھروں میں نہیں بیٹھیں گے، 8 فروری کو عوام اپنا حق رائے دہی لازمی استعمال کریں گے۔

بقیہ 32

آرٹس راولپنڈی ثاقب رفیق تھے۔ ڈرامے کو تحریر عامر ذریاب نے کیا ہے جبکہ ہدایات منور آفریدی نے دی ہیں۔ ارشد خان، کریم خان، شازیہ شیخ، رابعہ شاہ، یعقوب شیخ، کاشف رضا، حامد، پرویز ملک، صائم اور دیگر ڈرامے کی کاسٹ میں شامل تھے۔ فنکاروں نے اسٹیج ڈرامہ میں مقبوضہ کشمیر میں ہونے والے مظالم کی بہترین انداز میں عکاسی کی ہے۔ مہمان خصوصی ثاقب رفیق کا کہنا تھا کہ مقبوضہ کشمیر میں بھارت کی جانب سے انسانی حقوق کی وہ خلاف ورزیاں ہوئیں جس کی مثال تاریخ میں نہیں ملتی۔ انہوں نے کہا کہ انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں پر عالمی طاقتوں کی خاموشی افسوسناک ہے۔ پاکستان کشمیریوں کی سیاسی، سفارتی اور اخلاقی حمایت جاری رکھے گا۔ مسئلے کشمیر کے حل کے لئے اقوام متحدہ اپنا کردار ادا کرنا پڑے گا۔ آخر میں انہوں نے ڈرامے کے تمام فنکاروں کو بہترین کھیل پیش کرنے پر مبارکباد بھی دی۔ ڈائریکٹر آرٹس کونسل وقار احمد کا کہنا تھا کہ 5 قبل اگست 2019ء کو کشمیر کا خصوصی درجہ ختم کر کے شب خون مارا گیا جس سے کشمیریوں کے جذبہ حریت میں بے پایاں اضافہ ہوا۔ پوری ایک ریاست شیر خوار بچوں، بوڑھوں، مرد و خواتین سمیت بھارت کے بدترین مظالم برداشت کر رہی ہے۔ دنیا بھر کی انسانی حقوق کی تنظیمیں بھی اس بدترین ریاستی دہشت گردی پر چیخ رہی ہیں۔ لیکن اقوام متحدہ اور یورپی یونین کا مقبوضہ وادی میں انسانی حقوق کی خلاف ورزی پر خاموشی سمجھ سے بالاتر ہے۔ ڈرامہ دیکھنے کے لیے جڑواں شہروں سے لوگوں کی بڑی تعداد نے آرٹس کونسل کا رخ کیا

بقیہ 33

میں ہوتے بہت بہتر ہوتا، گھما گھمی کم ہے کراچی میں بھی کم ہے، ن لیگ نے دیر سے مہم شروع کی ہے منشور دیا ہے۔ بلاول بھٹو زرداری نے بڑی جارحانہ مہم چلائی ہے، ووٹر کو نکلنا چاہئے جانا چاہئے ضرور ووٹ ڈالے۔ اپنا ووٹ ضرور ڈالئے گا گھر میں مت بیٹھئے گا، اس الیکشن میں جو بڑی منفی چیز ہے جس کو حوصلہ شکنی کرنے کی ضرورت ہے وہ ہے ووٹ فروشی اس الیکشن میں ہم نے یہ دیکھا ہے کہ ووٹ خریدے جا رہے ہیں اس کا الیکشن کمیشن کو نوٹس لینا چاہیے، بلوچستان میں کسی ایک پارٹی کو اکثریت نہیں ملے گی، پنجاب میں کچھ سیٹیں پی ٹی آئی کو مل سکتی ہیں، کچھ سیٹیں چھوٹی پارٹیوں کو، ہو سکتا ہے جماعت اسلامی بھی اس دفعہ کچھ سیٹیں پنجاب سے نکال لے، پنجاب میں اصل مقابلہ پی ٹی آئی اور مسلم لیگ ن کے درمیان ہے، مسلم لیگ ن کو سادہ اکثریت نہیں ملی تو پنجاب میں نیا ماحول بنے گا، آزاد جیتنے والے امیدواروں کو لائن کی کوشش ہو گی۔

بقیہ 34

کامیاب ہو گئے۔ ذرائع نجکاری کمیشن کا کہنا ہے کہ آئی ایم ایف نے پی آئی اے کا نجکاری کا مجوزہ پلان منظور کر لیا ہے تاہم قرض ری شیڈول پلان کی حتمی منظوری وفاقی کابینہ سے لی جائے گی۔ آئی ایم ایف کے ساتھ پی آئی اے نجکاری کیلئے قرض ری شیڈولنگ کے پلان پر بھی اتفاق ہو گیا ہے، 280 ارب قرض پر بینکوں کو حکومت 12 فیصد شرح سود ایک سال کیلئے ادا کرے گی، آئی ایم ایف نے ایک سال کیلئے پی آئی اے قرض پر سود ادا کرنے کیلئے حکومتی تجویز پر اتفاق کیا۔ ذرائع کے مطابق پی آئی اے کی نجکاری ایک سال کے عرصے میں کر کے قرض ادائیگیوں کا پلان مرتب کیا جائے گا۔ آئی ایم ایف کا کہنا ہے کہ بینکوں کو پی آئی اے کے قرض پر سود کی ادائیگیوں کا بوجھ ایک سال سے زائد عرصے کیلئے نہ ہو۔ نجکاری کے بعد روز ویلٹ ہوٹل اور پی آئی اے کے ڈیویڈنڈ سے قرض ادائیگیوں کا پلان مرتب کیے جانے کا امکان ہے، کابینہ سے منظوری پر کمرشل بینکوں کی جانب سے پی آئی اے پر ادائیگیوں کا چارج ختم ہونے سے نجکاری جلد ہو گی۔ پی آئی اے قرض ری شڈولنگ پلان پر رواں ہفتے کے دوران آئی ایم ایف سے مزید بھی بات چیت جاری رہے گی۔

بقیہ 35

ایپ ماہانہ ٹیکس کی ادائیگی کا خود بخود حساب لگائے گی، یہ ایپ ریکارڈ رکھے گی اور دکاندار کو ادائیگی کرنے میں سہولت فراہم کرے گی۔ موبائل ایپ کے ذریعے دکان کے سالانہ کرائے کا 10 فیصد تک ٹیکس لگے گا جب کہ سکیم کا اعلان کسی بھی وقت متوقع ہے۔ دوسری جانب آن لائن ریٹیلرز کو بھی ٹیکس نیٹ میں لانے پر غور کیا جا رہا ہے۔

بقیہ 36

لاجسٹک مینجمنٹ انفارمیشن سسٹم کے ذریعے مسلسل اور بلا تعطل سپلائی چین مینجمنٹ کو یقینی بنایا گیا ہے۔ گاؤں کی سطح پر کمیونٹی ہیلتھ ورکرز کے ذریعے خاندانی منصوبہ بندی کی معلومات تک رسائی کے ذریعے ایسے جوڑوں کے پاس جا رہی ہے جن میں مانع حمل کی ضرورت نہیں ہے۔ اس امر کا اظہار انہوں نے محکمانہ جاری ترقیاتی سکیموں بارے منعقدہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر محکمہ پاپولیشن کے مختلف ونگز کے افسران بھی موجود تھے۔ ڈائریکٹر جنرل بہبود آبادی پنجاب و چیف ایگزیکٹو آفیسر پی پی آئی ایف ثمن رائے نے کہا خاندانی منصوبہ بندی سے متعلقہ تمام سہولیات کی فراہمی کے بہتر طریقہ کار کو یقینی بنایا گیا ہے۔ صحت مند وقت اور حمل کے وقفہ (HTSP) پر توجہ مرکوز کرنے والی مواصلاتی حکمت عملی اور طرز عمل میں تبدیلی مواصلات حکومت کا ایک اقدام ہے۔ ایف پی کے اہداف کو حاصل کرنے کے لیے حکومت کا ایک اور اقدام پنجاب پاپولیشن انوویشن فنڈ (پی پی آئی ایف) کا قیام ہے۔ جس میں پی ڈبلیو ڈی اور محکمہ صحت کی سرگرمیوں کو بڑھانا، خاص طور پر دیہی، غریب اور پسماندہ علاقوں میں خاندانی منصوبہ بندی کی کوریج کو بڑھانا اور سرکاری اور نجی کے جدید پروگراموں کی مالی اعانت ہے۔ تمام اسٹیک ہولڈرز بشمول پبلک اور پرائیویٹ سیکٹرز کے درمیان ہم آہنگی کو عالمی بینک کی تکنیکی مدد سے ملٹی سیکٹرل پروگرام کے ذریعے مضبوط کیا جا رہا ہے تاکہ آؤٹ ریچ ورکرز کی تربیت کے ذریعے قبل از پیدائش اور بعد از پیدائش خاندانی منصوبہ بندی سمیت صحت کے نظام میں تمام ممکنہ مواقع سے استفادہ کیا جا سکے۔ مردوں کی شمولیت، باقاعدہ مکالمہ کرنے اور بزرگوں اور والدین کو حساس بنانے میں علمائے کرام کے کردار کو مزید مضبوط کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ آبادی میں تیزی سے اضافہ سماجی و اقتصادی ترقی کی رفتار اور امکان کو بری طرح متاثر کر رہا ہے۔ اس مسئلے کو حل صرف موثر رضا کارانہ خاندانی منصوبہ بندی (FP) خدمات ہیں۔ خاندانی منصوبہ بندی کے نتیجے میں خاندانی صحت اور مجموعی انسانی فلاح و بہبود سمیت متعدد فوائد حاصل ہوتے ہیں۔ خاندانی منصوبہ بندی اور تولیدی صحت کے حوالے سے لوگوں کو بااختیار بنا کر انہیں سماجی و اقتصادی ترقی میں حصہ لینے کے لیے طاقتور، قابل اور فعال بناتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب گروتھ اسٹریٹیجی میں انحصار کے تناسب میں کمی کا تصور کیا گیا ہے جو روزگار کی بڑھتی ہوئی ضروریات اور بااختیار بنانے کے لیے اہم ہے۔ خاندانی منصوبہ بندی تک بہتر رسائی کے بغیر، اقتصادی ترقی میں ہونے والے اہم فوائد بے اثر ثابت ہوتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اگلی دو دہائیوں میں ڈیموگرافک ڈیویڈنڈ سے فائدہ تعلیم میں سرمایہ کاری (خصوصاً خواتین کی تعلیم)، مہارت کی ترقی اور روزگار کے مواقع پیدا کرنے کے ساتھ ساتھ مانع حمل کی شرح میں اضافہ اور زرخیزی میں کمی کے ذریعے حاصل کیا جا سکتا ہے۔ حکومت پنجاب سروس ڈیلیوری آؤٹ لیٹس کی توسیع کے ذریعے کوریج کو تیزی سے بڑھانے پر توجہ مرکوز کئے ہوئے ہے۔

بقیہ 37

کیا ہے کہ وہ بھارت کو مقبوضہ کشمیر میں ریاستی تشدد سے باز رکھنے اور اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی قراردادوں اور کشمیریوں کی خواہشات کے مطابق تنازع کشمیر کا پائیدار حل نکالنے کے لیے اپنا بھرپور کردار ادا کرے۔ مقررین کا کہنا تھا کہ کشمیر کی آزادی سے پہلے ہمیں اپنے اندرونی اختلافات کو بھلا کر پاکستان کو ہر اعتبار سے بہت مضبوط بنانا ہو گا اور اس کے بعد ہم اس قابل ہوں گے کہ کشمیر کا مقدمہ ہر فورم پر لڑ سکیں۔ مقررین نے آل پاکستان رائٹرز ویلفیئر ایسوسی ایشن (اپووا) کی کاوشوں کو بھی سراہا کہ ہر سال وہ کشمیر کے حوالے سے کانفرنس کر کے اپنی نئی نسل کو مسئلہ کشمیر سے آگاہی دینے میں اپنا کردار ادا کر رہے ہیں۔ ظلم کے خلاف کم از کم زبانی اور قلمی سطح پر یہ اپنی جدوجہد کر رہے ہیں اور اپنے کشمیری بھائیوں سے اظہار یکجہتی میں پیش پیش ہیں۔ مقررین میں زبیر احمد انصاری، ناصر ادیب، ندیم اختر، حافظ محمد زاہد اور دیگر شامل تھے۔ کانفرنس کے اختتام پر سال 2024ء کے منتخب ہونے والے اپووا عہدے داران میں اسناد تقسیم کی گئیں اور ان سے یہ عہد لیا گیا کہ وہ اپووا کی ترقی اور ادب کی ترویج کے لیے ہر ممکن جدوجہد کریں گے۔ اور معاشرے میں مثبت رجحانات کو ترویج دینے میں اپنی سی کوشش ضرور کریں گے۔

بقیہ 38

کینسر کی بڑی وجہ ہے۔ میٹھے مشروبات غذا میں میٹھے کے استعمال کا سب سے بڑا ذریعہ ہیں جن کے ایک چھوٹے گلاس میں 7 سے 8 چمچ چینی موجود ہوتی ہے۔ دنیا کے بہت سے ممالک نے میٹھے مشروبات پر زیادہ ٹیکس لگانے جیسے پالیسی اقدامات کر کے میٹھے مشروبات کے استعمال کو کامیابی سے کم کیا ہے جس سے بیماریوں میں واضح کمی آئی۔ حکومت پاکستان بھی پاکستان میں بیماریوں کے بوجھ کو کم کرنے کے لیے یہ پالیسی اقدامات کرے۔ اس سے نہ صرف بیماریوں کے بوجھ میں کمی آئے گی بلکہ حکومت کو اس سے زیادہ ریونیو بھی ملے گا۔ حکومت اس ریونیو کو صحت عامہ کے پروگراموں پر خرچ کرے۔ یہ بات صحت کے ماہرین نے میٹھے مشروبات کے استعمال کو کم کرنے کے لیے موثر پالیسی اقدامات کے موضوع پر ہونے والے ایک پروگرام میں کہی گئی جس کا اہتمام پاکستان نیشنل ہارٹ ایسوسی ایشن نے اپنے کولیشن پارٹنرز کے ساتھ مل کر کیا۔ تقریب میں شرکت کرنے والوں میں ذیابیطس ایسوسی ایشن آف پاکستان کے سیکریٹری جنرل پروفیسر ڈاکٹر عبدالباسط، کنٹری کوآرڈینیٹر گلوبل ہیلتھ ایڈووکیسی انکیوبیٹر منور حسین، سینئر ایگزیکٹو وائس پریذیڈنٹ پناہ ڈاکٹر عبدالقیوم اعوان، صدر نیشنل پریس کلب انور رضا، جنرل سیکریٹری کڈنی پیشنٹس ویلفیئر آرگنائزیشن غلام عباس، سابقہ کمشنر انکم ٹیکس عبدالحفیظ، صحت کے ماہرین، سول سوسائٹی اور میڈیا شامل تھے۔ جنرل سیکریٹری پناہ جناب ثناء اللہ گھمن نے تقریب کی میزبانی کی۔ ڈاکٹر عبدالباسط نے کہا کہ پاکستان میں بالغ افراد میں ذیابیطس کا تناسب دنیا بھر میں سب سے زیادہ ہے۔ ذیابیطس فیڈریشن کی 2021 کی رپورٹ کے مطابق پاکستان میں اس وقت 3 کروڑ 30 لاکھ لوگ ذیابیطس کے ساتھ زندہ ہیں اور اگر کوئی فوری اقدام نہ کیا گیا تو 2045 تک پاکستان میں ذیابیطس کے ساتھ زندہ رہنے والے لوگوں کی تعداد 6 کروڑ 20 لاکھ سے زیادہ ہو جائے گی۔ اس لیے حکومت کو جنگی بنیادوں پر اس مرض میں کمی کے لیے پالیسی اقدام کرنا ہوں گے۔ منور حسین نے کہا کہ غیر صحت بخش خوراک روزانہ ہزاروں پاکستانیوں کی جان لے رہی ہے۔ شواہد سے پتہ چلتا ہے کہ میٹھے مشروبات اور الٹرا پروسیسڈ مصنوعات کا استعمال کم کرنے سے اموات اور بیماریوں میں کمی آ سکتی ہے اور کئی پاکستانیوں کی جانیں بچائی جا سکتی ہیں۔ میٹھے مشروبات کے ایک چھوٹے گلاس میں 5 سے 7 چمچ چینی ہوتی ہے۔ دنیا کے بہت سے ممالک نے بیماریوں کو کم کرنے کے لیے میٹھے مشروبات پر زیادہ ٹیکس عائد کیا۔ اس سے نہ صرف ان مشروبات کے استعمال میں کمی سے بیماریوں میں کمی آئی بلکہ حکومت کو اس سے اضافی ریونیو بھی ملا۔ حکومت پاکستان کو بھی دنیا کے تجربے سے سیکھتے ہوئے میٹھے مشروبات پر ٹیکسوں میں اضافہ کرنا چاہیے اور اس سے حاصل ہونے والی آمدنی کو کلی یا جزوی طور پر صحت عامہ کے پروگراموں کے لیے مختص کر دینا چاہیے۔ کرنل ڈاکٹر شکیل احمد مرزا نے کہا کہ 2011 سے 2018 کے دوران 5 سال سے کم عمر بچوں میں موٹاپے کی شرح دوگنا ہو گئی ہے۔ بچوں اور نوجوانوں میں غیر صحت بخش کھانوں کا استعمال کئی گنا بڑھ گیا ہے۔ میٹھے مشروبات کا زیادہ استعمال ہمارے نوجوانوں کی صحت کو بری طرح متاثر کر رہا ہے۔ ہمیں ان مضر صحت مشروبات میں کمی کے لیے فوری پالیسی اقدامات کرنے کی ضرورت ہے۔ انور رضا نے کہا کہ پناہ ایک بہت ہی اہم قومی کاز کے لیے کام کر رہا ہے اور معاشرے کے ہر باشعور شخص کو اس میں ان کا ساتھ دینا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ میڈیا پہلے بھی اس کاز میں ان کے ساتھ کھڑا تھا اور آئندہ بھی ہم پناہ کی آواز میں آواز ملا کر ان کا ساتھ دیں گے۔ ثناء اللہ گھمن نے کہا کہ PANAH پچھلے 40 سالوں سے صحت عامہ کے بارے میں آگاہی دے رہا ہے۔ ہم پالیسی ساز اداروں کے ساتھ مل کر ایسی پالیسیوں کے لیے بھی کام کر رہے ہیں تاکہ غیر صحت بخش کھانوں کے استعمال کو کم کیا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ پناہ کولیشن پر یقین رکھتا ہے اور آج ہم نے اپنے کولیشن پارٹنرز کو دعوت دی ہے کہ آئیں ہم مل کر بہت سی بیماریوں کی وجہ بننے والے میٹھے مشروبات کو کم کرنے کے لیے ایک مشترکہ حکمت عملی اپنائیں اور حکومت سے درخواست کریں کہ میٹھے مشروبات پر ٹیکس بڑھائیں تاکہ بیماریوں میں کمی آ سکے۔ دیگر مقررین نے بھی صحت مند غذا کو فروغ دینے اور مضر صحت خوراک جیسے میٹھے مشروبات کے استعمال کو کم کرنے کے لیے حکومت کی فوری توجہ کا مطالبہ کیا۔ آخر میں ڈاکٹر عبدالقیوم اعوان کے پناہ کی طرف سے تمام مہمانوں کا شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے کہا کہ ہم اپنے تمام کولیشن پارٹنرز کے شکرگزار ہیں جنہوں نے اس اہم کاز کے لیے ہمارے ساتھ مل کر آواز اٹھائی۔ انہوں نے کہا کہ میڈیا ہمارا سب سے بڑا پارٹنر ہے جو ہماری آواز کو عام آدمی سے لیکر اقتدار کے ایوانوں تک پہنچا رہا ہے۔

بقیہ 39

گرفتار کر لئے گئے۔ تفصیلات کے مطابق نصیر آباد پولیس نے ملزم بلال سے 01 رائفل کلاشنکوف معہ ایمونیشن، ملزم اشتیاق سے 01 پستول 30 بور معہ ایمونیشن، ریس کورس پولیس نے ملزم شہریار سے 01 پستول 30 بور معہ ایمونیشن، جاتلی پولیس نے ملزم فیضان سے 01 پستول 30 بور معہ ایمونیشن، کلرسیداں پولیس نے ملزم سبحان سے 01 پستول 30 بور معہ ایمونیشن، ملزم نعمان سے 01 پستول 30 بور معہ ایمونیشن برآمد کر کے ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر لیے، ڈویژنل ایس پیز کا کہنا تھا کہ ہوائی فائرنگ اور ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کاروائیوں جاری رہیں گی۔

بقیہ 40

کو گرفتار کر لیا۔ تفصیلات (اسلام آباد) کے مطابق موٹروے پولیس کو اطلاع ملی کہ عمران نامی شخص کو اس کی فور چونر گاڑی کے ساتھ لاہور کے علاقہ تھانہ کوٹ لکھپت سے اغوا کر لیا گیا ہے۔ اطلاع پاتے ہی موٹروے پولیس کو الرٹ کر دیا گیا تھا، اسلام آباد ٹول پلازہ کے قریب مذکورہ گاڑی کی نشاندہی ہوئی جسے فل فور رکوا کر گاڑی میں موجود مغوی کو صحیح سلامت برآمد کر کے گاڑی میں موجود تین مسلح ملزمان کو گرفتار کر لیا گیا۔ تلاشی لینے پر ملزمان سے دو عدد پستول، 50 زندہ راؤنڈ، 8 موبائل فون، 10 اے ٹی ایم کارڈز اور 9730 روپے نقد برآمد ہوئے۔ ابتدائی قانونی کاروائی مکمل کرنے کے بعد مزید قانونی کاروائی کے لیے ملزمان کو پولیس اسٹیشن چکری کے حوالے کر دیا گیا۔

بقیہ 41

خطاب میں ڈاکٹر کوثر عبداللہ ملک نے پی اے آر سی بورڈ کے تمام ممبران کا خیر مقدم کیا اور پاکستان زرعی تحقیقاتی کونسل کی ملک کے زرعی شعبے کو جدید بنانے کی کوششوں کو سراہا۔ ڈاکٹر کوثر نے پی اے آر سی ٹیم کو رہنمائی فراہم کرنے کے ساتھ، ان کی لگن کی موجودہ سطح کو برقرار رکھنے کی اہمیت پر زور دیا اور ساتھ ہی ساتھ کاشتکاری اور سائنسی برادری کے ساتھ ان کی شمولیت اور تعامل کو بھی مضبوط کرنے پر روشنی ڈالی۔ چیئرمین پی اے آر سی، ڈاکٹر غلام محمد علی نے بورڈ کو زرعی تحقیق میں حالیہ اقدامات اور انتظامی چیلنجوں سے نمٹنے کے حوالے سے حاصل کی گئی کامیابیوں کے ساتھ ساتھ 2013 سے زیر التوا مالیاتی واجبات کو حل کرنے کے بارے میں تفصیلی بریفنگ دی۔ بورڈ کو بریفنگ کے دوران، ڈاکٹر علی نے روشنی ڈالی کہ کونسل کے طویل عرصے سے زیر التوا انتظامی اور مالیاتی مسائل میں سے اکثریت کو حل کر لیا گیا ہے۔ مزید برآں، پی اے آر سی کی تاریخ میں پہلی بار، ہائی ٹیک زرعی تحقیق کے لیے ایک تحقیق بجٹ مختص کیا گیا ہے۔ انہوں نے بورڈ کو نئے شروع کیے گئے پروگرامز کے بارے میں بھی تفصیلات بھی فراہم کیں جن کا مقصد تحقیق کو جدید سائنسی تقاضوں سے ہم آہنگ کرنا ہے، ان پروگرامز میں مویشیوں کی نسلوں کی جینومکس پر مبنی بہتری، سمارٹ زراعت کے طریقوں، زرعی مشینری کے ڈیزائن میں CAD اور CNC ٹیکنالوجیز کا اطلاق، اور سرٹیفکیشن شامل ہیں۔ بورڈ کی میٹنگ کے اختتام پر بورڈ کے صدر نے تمام حاضرین کا ان کی فعال شرکت، قابل قدر شراکت، اور زرعی تحقیق اور ترقی کو آگے بڑھانے کے مشترکہ اہداف کے لیے عزم کا تہہ دل سے شکریہ ادا کیا۔

بقیہ 42

معمولی حل کا تقاضا کرتی ہے لیکن اب تک ایسی کوئی غیر معمولی صورتحال موجود نہیں۔ سوشل میڈیا پر جھوٹی خبریں، فیک نیوز اور پروپیگنڈا کیا جاتا ہے جبکہ سیکورٹی سنجیدہ مسئلہ ہے۔ دہشت گردی کے خلاف لڑنے کے لیے پاکستان کے عزم میں کوئی کمی نہیں آئی۔ نگراں وزیر اطلاعات کے مطابق کابل میں افغان طالبان کی عبوری حکومت قائم ہونے کے بعد پاکستان میں مختلف دہشت گرد گروہوں کی کارروائیوں میں اضافہ ہوا ہے۔ صرف گزشتہ برس دہشت گردی کے تقریباً 1500 واقعات ہوئے۔ مرتضی سولنگی کا کہنا تھا کہ مقامی، غیر ملکی صحافیوں اور مبصرین کی سہولت کے لیے وزارت اطلاعات نے ایک آن لائن ہیلپ لائن قائم کی ہے۔

بقیہ 43

ڈرائیونگ لائسنس بنوانے کے خواہش مند افراد اب ٹریفک دفتر میں طبی معالج سے طبی معائنہ کروانے کے بعد آنلائن ڈرائیونگ لرنر پرمٹ بنوا سکیں گے، اسلام آباد کیپٹل پولیس کی سرکاری ویب سائٹ سے یہ سہولت باآسانی حاصل کی جا سکے گی۔ تفصیلات کے مطابق اسلام آباد کیپٹل سٹی پولیس آفیسر ڈاکٹر اکبر ناصر خاں کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد کیپٹل پولیس نے وفاقی دارلحکومت کے شہریوں کے لیے آنلائن ڈرائیونگ لرنر پرمٹ کا آغاز کر دیا، ڈرائیونگ لائسنس بنوانے کے خواہش مند افراد اب ٹریفک دفتر میں طبی معالج سے طبی معائنہ کروانے کے فوراً بعد آنلائن ڈرائیونگ لرنر پرمٹ بنوا سکیں گے، شہری اس لنک سے

ictislamabadpolice.gov.pk4433learner/signinphp

اسلام آباد کیپٹل پولیس کی آفیشل ویب سائٹ سے یہ سہولت باآسانی حاصل کر سکتے ہیں، اس کے علاوہ شہریوں کی سہولیات کیلئے بروز ہفتہ صبح 9 بجے سے شام 4 بجے کے اوقات کار میں ٹریفک دفتر کھلا رہے گا، جس میں تمام تر سہولیات شہریوں کو مہیا کی جائیں گی، ڈرائیونگ لائسنس برانچ کے روزانہ کے اوقات کار میں بھی مزید دو گھنٹے اضافہ کیا گیا تاکہ شہریوں کو زیادہ سے زیادہ سہولیات مہیا کی جا سکیں، جبکہ خواتین کی سہولت کیلئے بین الاقوامی معیار کے مطابق پاکستان کا پہلا خواتین ڈرائیونگ سکول کا قیام عمل میں لایا جا چکا ہے، اسلام آباد کیپٹل پولیس نے وفاقی دارلحکومت میں ٹریفک قوانین کی عملدرآمد کو یقینی بنانے کیلئے دوران ڈرائیونگ موبائل فون کا استعمال، دھواں چھوڑنے والی گاڑیوں اور زیبرا کراسنگ کی خلاف ورزی پر کارروائی کیلئے خصوصی مہم کا آغاز بھی کیا ہوا ہے، اس سے قبل ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی پر چالان کی رقوم میں بھی اضافہ کا عمل لایا جا چکا ہے، شہری کسی بھی ایمرجنسی کی اطلاع، ویڈیو، تصاویر یا پیغام کیلئے "آئی سی ٹی-15" ایپ ڈاؤن لوڈ کریں اور اس ایپ کے ذریعے کسی بھی وقت پولیس کی مدد حاصل کی جا سکتی ہے۔

بقیہ 44

سمیت 15 جرائم پیشہ عناصر کو گرفتار کر لیا گیا، گرفتار ملزمان کے قبضہ سے منشیات اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد، ملزمان کیخلاف مختلف تھانہ جات میں مقدمات درج، مزید تفتیش جاری ہے۔ تفصیلات کے مطابق اسلام آباد کیپٹل سٹی پولیس آفیسر ڈاکٹر اکبر ناصر خاں کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد کیپٹل پولیس کا ضلع بھر میں جرائم پیشہ عناصر کیخلاف بلاتفریق کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے، گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران اسلام آباد کیپٹل پولیس نے مختلف قانونی کارروائیوں کے دوران تین پیشہ ور بھکاریوں سمیت 15 جرائم پیشہ عناصر کی گرفتاری عمل لائی

بقیہ 45

احکامات پر اسلام آباد کیپٹل پولیس کا وفاقی دارلحکومت اسلام آباد میں منشیات کے خاتمے کیلئے وسیع پیمانے پر منشیات فروشوں کیخلاف کریک ڈاؤن جاری ہے، اس سلسلے میں تمام زونل ڈی پی اوز کو ہدایات جاری کی گئیں ہیں کہ منشیات فروشی میں ملوث ملزمان کیخلاف جاری کریک ڈاؤن کو مزید تیز اور موثر بنانے کے ساتھ انکے سدباب کو یقینی بنایا جائے، اس سلسلے میں تھانہ ترنول پولیس ٹیم نے منشیات فروشی میں ملوث گروہ کے اہم رکن کو گرفتار کر کے اس کے قبضہ سے 3.5 کلوگرام ہیروئن، 3.3 کلوگرام چرس اور 01 کلوگرام آئس برآمد کر لی، گرفتار ملزم کی شناخت کاشف درانی کے نام سے ہوئی ہے، ملزم کے خلاف مقدمہ درج ہے، مزید تفتیش جاری ہے، اسلام آباد کیپٹل پولیس شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کے لئے تمام تر وسائل بروئے کار لا رہی ہے اور شہر سے منشیات کے خاتمے کیلئے خصوصی کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے، کسی بھی عناصر کو نوجوان نسل کے مستقبل کو تباہ کرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی، شہریوں سے بھی گزارش ہے کہ وہ پولیس کے ساتھ تعاون کریں اور کسی بھی مشکوک چیز یا سرگرمی کے بارے میں متعلقہ تھانہ، "پکار-15" یا" آئی سی ٹی-15" ایپ پر فوری اطلاع دیں، تاکہ پولیس اور عوام کے تعاون سے معاشرے کو جرائم سے پاک کیا جا سکے۔

بقیہ 46

ٹریفک پلان جاری کر دیا ہے، ٹریفک پلان کے مطابق پولنگ اسٹیشنز کی حدود اور 400 میٹر کے اندر کسی قسم کی پارکنگ کی اجازت نہیں ہو گی اور 17 عدد لفٹرز بھی مختلف مقامات پر ڈیوٹی سرانجام دیں گے، اس سلسلہ میں سی ٹی او راولپنڈی تیمور خان کا کہنا ہے کہ 11 ڈی ایس پیز، 227 انسپکٹرز / سینئر ٹریفک وارڈنز، 755 وارڈنز اور 243 ٹریفک اسسٹنٹس، سینئر ٹریفک اسسٹنٹس مختلف پولنگ اسٹیشنز پر تعینات ہوں گے، سی ٹی او کہنا ہے کہ سرکل افسران و وارڈنز کو ٹریفک ڈیوٹی کیساتھ ساتھ مشکوک افراد، لاوارث اشیا پر کڑی نظر رکھنے کی ہدایت دی گئی ہے، اہم شاہراہوں پر موثر پٹرولنگ سسٹم کو یقینی بنایا جائے گا تاکہ ووٹرز کو آنے جانے میں آسانی ہو سکے، چیف ٹریفک آفیسر تیمور خان نے کہا کہ ٹریفک قوانین کیخلاف ورزی کی صورت میں شناختی کارڈ پر چالان نہیں ہو گا، تاکہ عوام الناس کو اپنے قیمتی ووٹ کا حق ادا کرنے میں مشکل پیش نہ آئے، شہری پولنگ ڈے پر ٹریفک پلان پر عمل درآمد کو یقینی بنائیں اور سٹی ٹریفک پولیس راولپنڈی کی ہدایات پر عمل کریں، شہری کسی بھی پریشانی اور راہنمائی کیلئے پولیس ہیلپ لائن 15 یا 051-9293038 پر کال کر سکتے ہیں، سی ٹی او راولپنڈی کے مطابق ٹریفک کی روانی کو برقرار رکھنے کے لیے ایک ایمرجنسی سکواڈ بھی تشکیل دیا گیا ہے جو کسی قسم کی ناگہانی صورت حال کے لیے ہمہ وقت فعال ہو گا، سی ٹی او تیمور خان نے کہا کہ پولنگ نتائج آنے پر مہذب شہری ہونے کا ثبوت دیں، روڈ بلاک کرنے اور ہلڑ بازی کی ہرگز اجازت نہیں ہو گی۔

بقیہ 47

کیا جائے جبکہ ایف آئی اے کو علیمہ خان کے خلاف شواہد اور ریکارڈ فراہم کرنے کا حکم دیا جائے۔ اسلام آباد ہائیکورٹ میں دائر درخواست میں مزید استدعا کی گئی کہ عدالت ایف آئی اے نوٹس کو کالعدم بھی قرار دے۔ قبل ازیں علیمہ خان وکیل شیراز احمد رانجھا کے ہمراہ اسلام آباد ہائی کورٹ پہنچیں اور درخواست دائر کرنے کیلئے بائیو میٹرک تصدیق کروائی۔ یاد رہے کہ ایف آئی اے سائبر کرائم، انسداد دہشت گردی ونگ نے علیمہ خان کو طلبی کے نوٹس بھیجے تھے۔

بقیہ 48

ڈیوٹی پر مامور افسران اور جوانوں سے ملاقات کی اور سیکیورٹی انتظامات کا جائزہ لیا۔ تفصیلات کے مطابق اسلام آباد کیپٹل سٹی پولیس آفیسر ڈاکٹر اکبر ناصر خاں نے ڈپلومیٹک انکلیو سکیورٹی ڈویژن کا دورہ کیا اور سکیورٹی انتظامات کا جائزہ لیا، اس موقعہ پر سی پی او سکیورٹی ڈویژن، ایس ایس پی سکیورٹی ڈویژن، ڈی جی وزارت خارجہ امور اور چائنیز سفارت کار بھی موجود تھے، آئی سی سی پی او نے ڈپلومیٹک انکلیو میں جاری تعمیراتی کام کا جائزہ لیا اور فائرنگ رینج کا افتتاح کیا، اس موقع پر انہوں نے سکیورٹی ڈیوٹی پر مامور افسران وجوانوں سے ملاقات کی، انہوں نے سینئر پولیس افسران کو سفارت خانوں کی سکیورٹی کو مزید موثر بنانے کے احکامات جاری کیئے، ڈپلومیٹک انکلیو کے داخلی اور خارجی راستوں پر موثر تلاشی کے عمل کو یقینی بنایا جائے اور سیف سٹی کیمرہ جات کی مدد سے موثر نگرانی کی جائے، اسلام آباد کیپٹل پولیس وفاقی دارلحکومت میں امن امان کی فضا کو برقرار رکھنے اور شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانے کیلئے ہمہ وقت مصروف عمل ہے، شہریوں سے گزارش ہے کہ وہ پولیس کے ساتھ تعاون کریں اور کسی بھی مشکوک چیز یا سرگرمی کے متعلق ایمرجنسی ہیلپ لائن "پکار-15" یا "آئی سی ٹی-15" ایپ پر اطلاع دیں۔

بقیہ 49

10 لیٹر شراب، ملزم نعمان سے 560 گرام چرس، صدر واہ پولیس نے ملزم امجد سے 20 لیٹر شراب، جاتلی پولیس نے ملزم وسیم سے 10 لیٹر شراب، نیوٹاؤن پولیس نے ملزم سجاد سے 05 لیٹر شراب، نصیر آباد پولیس نے ملزم تہذیب الحسن سے 540 گرام چرس برآمد کر کے ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر لیے گئے، ڈویژنل ایس پیز کا کہنا تھا کہ منشیات فروشوں اور شراب سپلائرز کے خلاف کاروائیاں مزید تیز کی جا رہی ہیں۔

بقیہ 50

12 ہزار سے زائد پولیس افسران و اہلکار جبکہ 4 ہزار سے زائد دیگر قانون نافذ کرنے والے ادارے حساس مقامات و دیگر پٹرولنگ ڈیوٹی سرانجام دیں گے۔ الیکشن کمیشن کے جاری کردہ ضابطہ اخلاق پر من و عن عمل درآمد کو ہر صورت یقینی بنایا جائے گا، الیکشن کے انعقاد سے قبل اور دوران الیکشن امن و امان کو برقرار رکھنے کے لیے ہر ممکن وسائل کو بروئے کار لایا جائے گا۔

بقیہ 51

یکجہتی کشمیر کے حوالے سے منعقدہ تقریب سے خطاب کر رہی تھیں۔ تقریب سے آئی سی سی آئی کے صدر احسن ظفر بختاور، آئی سی سی آئی کے سینئر نائب صدر فواد وحید، نائب صدر آئی سی سی آئی انجینئر اظہر الاسلام ظفر اور دیگر معززین نے بھی خطاب کیا۔ معاون خصوصی کی فوکل پرسن سبین حسین ملک اور اسلام آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کی ایگزیکٹو کمیٹی کے اراکین بھی تقریب میں شریک ہوئے۔ وزیراعظم کی معاون خصوصی نے کشمیری عوام کے منصفانہ جدوجہد کے لیے پاکستان کی تاجر برادری کی غیر متزلزل حمایت کو سراہا۔ مشعال ملک نے بھارتی غیر قانونی مقبوضہ جموں و کشمیر میں سات دہائیوں سے زیادہ عرصہ پر محیط انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزیوں اور بھارت کی معصوم شہریوں پر کیے جانے والے مظالم پر روشنی ڈالی۔ انہوں نے بھارتی غیر قانونی مقبوضہ جموں و کشمیر کے عوام کی آواز کو دبانے کے لیے بھارت کی طرف سے جابرانہ قوانین کے نفاذ پر تنقید کی۔ انہوں نے مظلوم کشمیریوں اور فلسطینیوں کے لیے وسیع پیمانے پر عالمی عوامی حمایت کے باوجود بھارتی غیر قانونی مقبوضہ جموں و کشمیر اور فلسطین کی بگڑتی ہوئی انسانی حقوق کی صورتحال پر عالمی رہنماؤں کی خاموشی پر افسوس کا اظہار کیا۔ وزیراعظم کی معاون خصوصی نے جنوبی افریقہ کے سفیر کے ساتھ اپنی حالیہ ملاقات پر روشنی ڈالی، جس میں انہوں نے اسرائیل کی طرف سے فلسطینی عوام کی جاری نسل کشی کو عالمی عدالت انصاف کے ذریعے عالمی توجہ دلانے میں ان کے ملک کے اصولی موقف کو سراہا۔ انہوں نے بین الاقوامی برادری پر زور دیا کہ وہ بالکل اسی طرح بھارتی غیر قانونی مقبوضہ جموں و کشمیر میں بھارتی نسل کشی کی کارروائیوں پر بھی اقدامات اٹھائے۔ انہوں نے پرامن کشمیری سیاسی رہنماؤں کو من گھڑت الزامات کے تحت بلاجواز قید کرنے کے لیے مودی کے آمرانہ ہتھکنڈوں پر تنقید کی۔ انہوں نے کہا کہ بھارت عدالتی احکامات کے باوجود کشمیری قیادت کو عدالتوں میں جسمانی طور پر پیش نہیں کر رہا اور نہ ہی انہیں وکلاء کی نمائندگی فراہم کی جا رہی ہے۔ مشعال ملک نے کہا کہ آر ایس ایس ہندوستان کے اندر ایک متوازی ریاست بن چکا ہے، جو ہندوتوا کی پالیسیوں کا پرچار اور دنیا بھر میں اپنے دہشت گرد نیٹ ورک کو پھیلا رہا ہے۔ انہوں نے امریکہ، کینیڈا، برطانیہ اور آسٹریلیا سمیت مختلف ممالک میں آر ایس ایس کی دہشت گردی کی کارروائیوں پر روشنی ڈالی۔ انہوں نے دنیا پر زور دیا کہ وہ آر ایس ایس کو دہشت گرد تنظیم قرار دے اور اس کی بین البراعظمی دہشت گردی کی سرگرمیوں کو ختم کرنے کے لیے سخت اقتصادی اور مالی پابندیاں عائد کرے۔ انہوں نے کہا کہ بی جے پی کی قیادت میں ہندو انتہا پسندوں کے ہجوم نے 500 سال پرانی بابری مسجد کو شہید کیا۔ انہوں نے مزید کہا کہ بابری مسجد کی جگہ پر رام مندر کی تعمیر مودی کے ہندوستان سے مسلمانوں کے ورثے کو مٹانے کے منصوبے کا حصہ ہے۔ انہوں نے اپنی قیادت میں شروع کیے گئے 100 روزہ پلان کے تحت ضلعی سطح کی کشمیر کمیٹیوں اور پاکستان اور آزاد جموں و کشمیر کی یونیورسٹیوں میں کشمیر سینٹرز کے قیام پر روشنی ڈالی۔ تقریب کے اختتام پر اقوام متحدہ اور عالمی برادری کو یاد دہانی کرائی گئی کہ وہ دیرینہ تنازعہ کشمیر کو اقوام متحدہ کی قراردادوں اور جموں و کشمیر کے عوام کی امنگوں کے مطابق حل کریں۔

بقیہ 52

نالائقی، نااہلی کا سامنا کیا۔ جب دھرنے دیئے جا رہے تھے تب بھی نواز شریف ملک میں ترقیاتی کام کر رہے تھے، نواز شریف کے دور میں سی پیک، بجلی کے منصوبے لگ رہے تھے، نواز شریف ہمیشہ ملک میں ترقی و خوشحالی لائے۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ حکومت ملک کو دیوالیہ کر رہی تھی، شہباز شریف نے آ کر ملک کو دیوالیہ ہونے سے بچایا، گالم گلوچ کی سیاست نے پاکستان کو نقصان پہنچایا۔ انہوں نے کہا کہ ٹرانسپرنسی انٹرنیشنل نے چور چور کہنے والوں کو بے نقاب کر دیا، جو لوگ چور کہتے تھے ان کے دور میں کرپشن انڈیکس زیادہ ہوا، (ن) لیگ ملک سے مہنگائی، بیروزگاری کا خاتمہ کرنے کے ٹیسٹ میں پاس ہوئی، (ن) لیگ واحد جماعت جس نے ہمیشہ عوام کو ریلیف دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اقتدار میں آ کر ہم پہلے سال نواز شریف کے سنگل ڈیجٹ پر مہنگائی کو لائیں گے،، ہم خالی وعدہ نہیں کر رہے تھے، 2013 سے 2018 میں کر کے دکھایا ہے، ایک کروڑ نوکریوں کا صرف اعلان نہیں کیا گیا، ہم نے جو منشور پیش کیا ہے وہ حقیقت پر مبنی ہے، ملک میں گروتھ کی شرح کے بڑھنے سے ترقی آئے گی نوجوانوں کو روزگار ملے گا۔ کسان کی خوشحالی کے لئے اقدامات اٹھائیں گے، چھوٹے کسانوں کے لئے بلاسود قرضے ہوں گے، انہیں سولر ٹیوب ویلز دیں گے، سمارٹ ایگریکلچر کا وعدہ کیا ہے، موسمیاتی تبدیلی چیلنج سے نمٹنے کا منصوبہ دیا ہے، غریب کو موسمی خطرات اور خدشات سے سنبھالا دیں گے، ہمارے منشور میں تعلیم اور صحت کی فراہمی کی مفصل منصوبہ بندی ہے، فوڈ سکیورٹی کا مفصل منصوبہ رکھا ہے۔ ایکسپورٹ بڑھا کر معیشت کو بہتر کریں گے، ہم نے خالی نعرے نہیں لگائے کہ ایک کروڑ نوکری دیں گے بلکہ منصوبہ بندی کے ذریعے اس کا بندوبست کیا ہے، سرمایہ کاری کے ذریعے پاکستان میں ترقی آئے گی جس سے روزگار پیدا ہو گا۔ ہم پاکستان کو سموگ اور پولیوشن فری کریں گے۔

سپیکر قومی اسمبلی راجہ پرویز اشرف کی پوٹھوہار میں پریس کانفرنس

پنجاب یونیورسٹی پوٹھوہار کیمپس گوجرخان کی کلاسز کا MCB سکول میں اجراء کیا جائے گا بلڈنگ کے لیے 4 ارب روپے مختص

شعبہ تعلیم کا نادر تحفہ جو سنہری حروف میں لکھا جائے گا سابق وزیر اعظم عوام کیلئے میگا پراجیکٹس دیں گے صدر عامر وزیر ملک

گوجرخان (قمر شہزاد) پنجاب یونیورسٹی پوٹھوہار کیمپس گوجرخان کی کلاسز کے اجراء کے سلسلے میں سابق وزیر اعظم پاکستان و سپیکر قومی اسمبلی راجہ پرویز اشرف کی پوٹھوہار پریس کلب گوجرخان میں پریس کانفرنس اس موقع پر انکے ہمراہ ڈائریکٹر پروفیسر ڈاکٹر مدثر غفور بھی تھے پریس بریفنگ میں سپیکر قومی اسمبلی نے کہا کہ میرے لیے آج بہت خوشی کا دن ہے میں اللہ پاک شکر گزار ہوں کہ اس یونیورسٹی کے قیام کے لیے یہ ایک لمبی جدوجہد تھی جو میرے حلقے کے عوام، میرے بیٹے بیٹیوں کی دعاؤں سے یہ منصوبہ مکمل ہوا جب میں 1993/94 چیئرمین سوشل ایکشن بورڈ تھا اس وقت میرے ذہن میں تھا کوئی کیڈٹ کالج یا سکول بنے اس سلسلے میں 8 سو کنال زمین مختص کی گئی (بقیہ نمبر 1)

امیدوار سید ذوالفقار علی شاہ نامعلوم افراد کی فائرنگ سے زخمی

ابتدائی طبی امداد کے بعد کراچی منتقل کر دیا گیا، الیکشن کمیشن کا نوٹس

میرپورخاص (این این آئی) میرپورخاص سے سابق رکن سندھ اسمبلی و پی ایس 46 سے پیپلز پارٹی کے نامزد امیدوار سید ذوالفقار علی شاہ پر سمن گوٹھ بائی پاس کے مقام پر فائرنگ کے نتیجے میں زخمی ہو گئے۔ تفصیلات کے مطابق پاکستان پیپلز پارٹی کے نامزد امیدوار پی ایس 46 سید ذوالفقار علی شاہ انتخابی مہم سے واپسی پر این اے 211 کے امیدوار (بقیہ نمبر 2)

مسلم لیگ ن کی مرکزی سیکرٹری اطلاعات مریم اورنگزیب پریس کانفرنس کر رہی ہیں

روڈا کے تحت صحافیوں کو پلاٹ دینے کا اقدام چیلنج

صحافیوں کے پلاٹ دینے پر حکم امتناع، اشتہار پر عملدرآمد عدالتی حکم سے مشروط

لاہور (این این آئی) روڈا کے تحت صحافیوں کو پلاٹ دینے کا اقدام لاہور ہائیکورٹ میں چیلنج کر دیا گیا۔ لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس سلطان تنویر احمد نے محکمہ اطلاعات کے ملازمین کی درخواست پر سماعت کی۔ عدالت نے درخواست گزاروں کی حد تک (بقیہ نمبر 5)

ڈاکٹر یاسمین راشد، محمود الرشید، اعجاز چوہدری پر فرد جرم عائد

ملزمان کا جیل ٹرائل کرنے کا حکم، آئندہ سماعت پر گواہوں کو طلب کر لیا گیا

لاہور (این این آئی) انسداد دہشتگردی عدالت نے 9 مئی جلاؤ گھیراؤ کے مقدمات میں پی ٹی آئی کے مرکزی رہنماؤں ڈاکٹر یاسمین راشد، میاں محمود الرشید اور اعجاز چوہدری پر فرد جرم عائد کر دی۔ عدالت نے ملزمان کا جیل ٹرائل کرنے کا حکم دیتے ہوئے آئندہ سماعت پر گواہوں کو بھی طلب کر لیا۔ انسداد دہشتگردی عدالت نے راحت (بقیہ نمبر 6)

میڈیا پر چلنے والی خبروں پر سپیکر پنجاب اسمبلی کا بڑا اقدام

لاہور (این این آئی) سپیکر پنجاب اسمبلی سردار محمد سبطین خان نے پنجاب اسمبلی میں ہونے والی حالیہ ترقیوں میں بے ضابطگیوں کی شکایات پر بڑا ایکشن لے لیا، سپیکر پنجاب اسمبلی کی ہدایات پر سیکرٹری پنجاب اسمبلی چوہدری عامر حبیب نے ایڈیشنل سیکرٹری (ایڈمن) کی سربراہی میں ایک تحقیقاتی کمیٹی تشکیل دی۔ کمیٹی نے اپنی رپورٹ میں ان ترقیوں میں متعدد بے ضابطگیوں کی نشاندہی کی ہے اور سپیکر پنجاب اسمبلی کو سفارش کی کہ ان ترقیوں کے احکامات کو واپس لے لیا جائے۔ سپیکر پنجاب اسمبلی نے کمیٹی کی سفارشات کو قبول (بقیہ نمبر 3)

لوگ مذاق سمجھ رہے ہیں لیکن بوتل میں واقعی مرشد کا پڑھا ہوا پانی تھا' راحت فتح علی خان

لاہور (این این آئی) شہرت یافتہ گلوکار راحت فتح علی خان نے ایک بار پھر دعوی کیا ہے کہ انہوں نے جس بوتل کے لیے ملازم پر تشدد کیا، اس میں واقعی بھی ان کے مرشد کا پڑھا ہوا پانی تھا۔ راحت فتح علی خان نے حال ہی میں ایک یوٹیوبر کو دیے گئے انٹرویو میں بتایا کہ دراصل ان کی پرانی ویڈیوز کو ریلیز کرنے کی مہم کے پیچھے ایک شخص ہے۔ انہوں نے اس بات کو دہرایا کہ مذکورہ ویڈیو پرانی ہے اور یہ بات بھی سچ ہے کہ جس شخص کو انہوں نے مارا، پیٹا، جس پر تشدد کیا، وہ ان کا ذاتی ملازم تھا اور ان سے انہوں نے اپنے رویے پر معافی بھی مانگی۔ راحت فتح علی خان نے کہا کہ لوگ ان کی بات کو مذاق سمجھ رہے ہیں لیکن واقعی ان کی غائب (بقیہ نمبر 4)

چیف سیکرٹری پنجاب زاہد اختر زمان فری سکریننگ کیمپ میں ملازمین سے فراہم کی جانے والی مفت ٹیسٹوں کی سہولیات بارے دریافت کر رہے ہیں

عام انتخابات کے دوران ٹریفک نظام کے حوالے سے اہم اجلاس

الیکشن کے موقع پر شہر میں بلاتعطل ٹریفک کو روانی کو برقرار رکھا جائے گا اور شہریوں کو ہر ممکن سفری سہولیات مہیا کی جائیں گی

شہریوں کو حادثات سے محفوظ رکھنے کیلئے تمام زونل ڈی ایس پیز کو خصوصی ہدایات جاری کی گئیں، ٹریفک پولیس اسلام آباد

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) ٹریفک ہیڈکوارٹرز میں عام انتخابات کے دوران ٹریفک کے نظام کے حوالے سے اہم اجلاس منعقد ہوا، اجلاس میں ٹریفک پلان کو حتمی شکل دی گئی، الیکشن کے موقع پر شہر میں بلاتعطل ٹریفک کو روانی کو برقرار رکھا جائے گا اور شہریوں کو ہر ممکن سفری سہولیات مہیا کی جائیں گی۔ تفصیلات کے مطابق ٹریفک ہیڈکوارٹرز میں عام انتخابات کے دوران ٹریفک کے (بقیہ نمبر 7)

دو موٹر سائیکلیں آپس میں ٹکرانے سے نوجوان جاں بحق

حادثے کے نتیجے میں موٹر سائیکل سوار ایک نوجوان موقع پر دم توڑ گیا

چشتیاں (این این آئی) چشتیاں میں دو موٹر سائیکلوں کے درمیان تصادم کے نتیجے میں ایک نوجوان جاں بحق جبکہ خاتون سمیت 2 افراد شدید زخمی ہو گئے۔ ٹریفک کا افسوسناک حادثہ چشتیاں کے علاقے بہاولپور روڈ پر پیش آیا جہاں دو موٹر سائیکلیں تیز رفتاری کے باعث آپس میں ٹکرا گئیں، حادثے کے نتیجے میں موٹر سائیکل سوار ایک (بقیہ نمبر 8)

کراچی والوں نے نفرت اور تقسیم کی سیاست کو مسترد کر دیا' بلاول بھٹو

ملکر شہر قائد کو اسکی رونق لوٹائیں گے، منصفانہ، پرامن، ترقی پسند اور خوشحال پاکستان بنائیں گے

کراچی (این این آئی) چیئرمین پیپلز پارٹی و سابق وزیر خارجہ بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ کراچی والوں نے نفرت اور تقسیم کی سیاست کو مسترد کر دیا۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر بلاول بھٹو نے اپنے پیغام میں کہا کہ شکریہ کراچی، میری پیدائش کا شہر، جس شہر کو میں گھر کہتا ہوں، 12 گھنٹے سے زیادہ لوگ باہر نکلے اور اپنی آواز بلند کی۔ ان کا کہنا تھا کہ کراچی والوں نے نفرت اور تقسیم کی سیاست کو مسترد کر دیا ہے، ہم مل کر شہر قائد کو اس کی رونق لوٹائیں گے، منصفانہ، پرامن، ترقی پسند اور خوشحال پاکستان بنائیں گے۔

''لاہور دا پاوا اختر لاوا'' کا پی ٹی آئی کی حمایت کا اعلان

اختر لاوا نے پی ٹی آئی، میرے والد کی حمایت کا اعلان کیا ہے' حماد اظہر

اسلام آباد (این این آئی) آئی ایم ایف نے صنعتوں کیلئے بجلی کی قیمتوں میں کمی، گردشی قرضے کے پانچویں حصے سے زیادہ کی ادائیگی اور پاکستان انٹرنیشنل ایئر لائن کے 268 ارب روپے کے قرض کو حکومتی قرضوں کا حصہ بنانے کی عبوری حکومت کی تجاویز کی فوری طور پر توثیق نہیں کی۔ حکومتی ذرائع کے مطابق آئی ایم ایف نے اس قدر جلد بازی (بقیہ نمبر 11)

پاکستان کوسٹ گارڈز کی کارروائی، اربوں روپے کا غیر قانونی سامان برآمد

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان کوسٹ گارڈز نے اسمگلنگ کے خلاف کریک ڈاؤن کرتے ہوئے مختلف کارروائیوں کے دوران اربوں روپے کا غیر قانونی سامان برآمد کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق پاکستان کوسٹ گارڈز کا غیر قانونی پناہ گزین اور منشیات کی سمگلنگ کے خلاف بڑا کریک ڈاؤن جاری ہے۔ گزشتہ ہفتہ میں پاکستان کوسٹ گارڈز نے جیونی سے لے کر حب تک مختلف کارروائیوں کے دوران (بقیہ نمبر 9)

کشمیری بھی انسان، ان کی زندگیاں بھی اہمیت رکھتی ہیں، رپورٹ

اسلام آباد (این این آئی) کشمیری بھی انسان ہیں اور اب وقت آ گیا ہے کہ یہ نعرہ بلند کیا جائے کہ کشمیریوں کی زندگیاں بھی اہمیت رکھتی ہیں۔ کشمیر میڈیا سروس کی طرف سے آج جاری کی گئی ایک رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ بھارتی ریاستی دہشت گردی کشمیریوں کی زندگیوں کو تباہ کر رہی ہے کیونکہ مقبوضہ جموں وکشمیر سے المناک سانحات اور صدموں کی نہ ختم ہونے والی کہانیاں مسلسل سامنے آ رہی ہیں۔ (بقیہ نمبر10)

فوری ضرورت
روزنامہ عوامی للکار راولپنڈی Daily Awami Lalkaar
کو ملک بھر کے چھوٹے بڑے شہروں سے
نمائندگان و بیورو چیف درکار ہیں
خواہشمند امیدوار رابطہ کریں۔
0312-7786354
www.awamilalkaar.com

وزیر اعلیٰ پنجاب محسن نقوی کرتار پور کے دورے کے دوران خصوصی فرد کیساتھ شفقت کا اظہار کر رہے ہیں

چک جلال دین میں پانی کے دیرینہ مسائل حل کرینگے، وقار علی خان

قریشی برادری نے چودھری نثار علی خان کی حمایت کا اعلان کر دیا

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) چوہدری نثار علی خان امیدوار برائے این اے 53 54 کے معاون خصوصی چوہدری وقار علی خان کا چک جلال دین یوسی 89 میں پاور شو، سابق چیئرمین چک جلال دین امیدوار حاجی ضمیر حیدر قادری، وائس چیئرمین ملک زمرد، امیدوار برائے کونسلر آصف عباس، حاجی فضل الرحمان، محمد اقبال عرف بالا، ملک زاہد محمود، (بقیہ نمبر 12)

سکیورٹی فورسز کا شمالی وزیرستان میں آپریشن، 2 دہشتگرد ہلاک

آپریشن میں دہشتگردوں کا سرغنہ ایوب اللہ عرف منصور بھی مارا گیا

راولپنڈی (این این آئی) سکیورٹی فورسز نے خیبر پختونخواہ کے ضلع شمالی وزیرستان میں آپریشن کے دوران 2 دہشتگردوں کو ہلاک کر دیا۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا کہ سکیورٹی فورسز نے شمالی وزیرستان میں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کیا۔ سکیورٹی فورسز نے خیبر پختونخواہ کے (بقیہ نمبر 13)

وزیر اعظم انوار الحق کاکڑ سے چیئر پرسن کامن ویلتھ آبزرور گروپ جنرل الیکشن ڈاکٹر گڈ لک ملاقات کر رہے ہیں

ہر شعبے میں اصلاحات ضروری ہیں، پاکستان ٹیکس بار

اقتدار میں آنیوالی جماعت بغیر ہچکچاہٹ آئی ایم ایف سے رجوع کرے

موجودہ معاشی ڈھانچہ 25 کروڑ آبادی کا بوجھ اٹھانے کے قابل نہیں

لاہور (این این آئی) پاکستان ٹیکس بار ایسوسی ایشن نے کہا ہے کہ آئی ایم ایف سے دوبارہ رجوع ناگزیر ہے اس لئے اقتدار میں آنے والی جماعت بغیر کسی ہچکچاہٹ کے اس پر فوری پیشرفت کرے، پاکستان کا موجودہ معاشی ڈھانچہ 25 کروڑ آبادی کا بوجھ اٹھانے کے قابل نہیں اس لئے اس کی از سر نو تعمیر کرنا ہوگی، ہر شعبے میں اصلاحات ضروری ہیں جس کیلئے جنگی بنیادوں پر کام کرنا ہوگا۔ ان خیالات کا اظہار ایسوسی ایشن کے سینئر نائب صدر زاہد عتیق چودھری اور نائب صدر عاشق علی رانا نے ٹیکس بارز کے وفود سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر پاکستان ٹیکس بار لاہور کے سینئر نائب صدر فاروق مجید، (بقیہ نمبر 14)

پاکستان دنیا کی پانچویں بڑی جمہوریت بن گیا

8 فروری کو ہونے والے انتخابات کیلئے ریکارڈ 12 کروڑ 80 لاکھ ووٹرز رجسٹرڈ ہیں

لاہور (این این آئی) پاکستان رجسٹرڈ ووٹرز کی تعداد میں خاطر خواہ اضافہ ہونے پر بھارت، انڈونیشیا، امریکہ اور برازیل کے بعد دنیا کی پانچویں بڑی جمہوریت بن گیا۔ فری اینڈ فیئر الیکشن نیٹ ورک (فافن) کی رپورٹ کے مطابق 8 فروری کو ہونے والے انتخابات کے لئے ملک میں ریکارڈ 12 کروڑ 80 لاکھ ووٹرز رجسٹرڈ ہیں۔ ملک کی تاریخ میں پہلی بار ایسا ہوا ہے کہ خواتین ووٹرز کی رجسٹریشن بڑھنے کا رجحان دیکھنے میں آیا ہے، 2018 میں ووٹرز کا صنفی فرق 11.8 فیصد تھا جو اب 7.7 فیصد ہو گیا ہے۔ 2018 کے (بقیہ نمبر 15)

Turkiye Earthquake Victims Solidarity Day
6 February 2024

قونصل جنرک ترکیہ ڈرمس باسنگ ترکیہ زلزلہ متاثرین کی یادگار پر پھولوں چڑھانے کے بعد فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

بین الاضلاعی ڈکیت گینگ کا سرغنہ 2 ساتھیوں سمیت گرفتار

ملزمان سے 14 لاکھ روپے سے زائد مالیت کا مال مسروقہ، نقدی اور اسلحہ برآمد کر لیا

ننکانہ صاحب (این این آئی) سی آئی اے پولیس ننکانہ صاحب نے کارروائی کر کے بین الاضلاعی ڈکیت گینگ کا سرغنہ 2 ساتھیوں سمیت گرفتار کر لیا ہے۔ پولیس ذرائع کے مطابق سی آئی اے پولیس نے گرفتار ملزمان سے 14 لاکھ روپے سے زائد مالیت کا مال مسروقہ، نقدی اور اسلحہ برآمد کر لیا، برآمد ہونیوالے مسروقہ مال میں دو موٹر سائیکل، ایک لوڈر رکشہ، دو لاکھ روپے نقدی، کیمیکل وغیرہ شامل ہیں، ملزمان سے ضلع ننکانہ اور فیصل آباد میں کی گئی راہزنی کی 8 وارداتوں کا سراغ لگا لیا گیا ہے جبکہ دوران تفتیش مزید انکشافات (بقیہ نمبر 16)

ریسکیو اہلکار حادثے میں جاں بحق ہونے والے 35 سالہ شخص کی لاش کو کپڑے سے ڈھانپ رہے ہیں

کالج روڈ سب ڈویژن میں ماربل فیکٹری میں بڑی بجلی چوری پکڑی گئی

لیسکو کی ٹیم نے ڈیٹیکشن بل کی مد میں 20 لاکھ روپے جرمانہ عائد کر دیا' ترجمان

لاہور (این این آئی) لاہور الیکٹرک سپلائی کمپنی نے کالج روڈ سب ڈویژن کے علاقے میں بجلی کی بڑی چوری پکڑ لی، 20 لاکھ روپے سے زائد جرمانہ عائد کر دیا گیا۔ ترجمان لیسکو کے مطابق بجلی چوروں کے خلاف مہم کو مزید تیز کر دیا گیا ہے اور اس مقصد کے لیے دن رات آپریشن کیے جا رہے ہیں۔ اس سلسلے میں ایس ڈی او کالج روڈ احمد رضا باجوہ نے اپنی ٹیم کے ہمراہ علاقے میں چیکنگ آپریشن کیا، دوران آپریشن ایک ماربل فیکٹری کا (بقیہ نمبر 17)

سرگودھا ضلع کی 5 قومی اور 10 حلقوں کیلئے 1697 پولنگ اسٹیشن قائم

سیکورٹی پلان کے تحت 6000 سے زائد افسران و اہلکار تعینات

سرگودھا (این این آئی) سرگودھا ضلع کی 5 قومی اور 10 حلقوں کے لئے 1697 پولنگ اسٹیشن قائم کر کے پولیس نے سیکورٹی پلان کے تحت 6000 سے زائد افسران و اہلکاروں کو تعینات کر دیا گیا۔ الیکشن انتظامات کا جائزہ لیتے ہوئے ڈسٹرکٹ ریٹرننگ آفیسر و ڈپٹی کمشنر سرگودھا کیپٹن (ر) شعیب علی نے بتایا ضلع سرگودھا کے پانچ (بقیہ نمبر 18)

ایڈیٹر انچیف۔۔ محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ
راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل الہ دین
فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔ 0309-7900035

مسئلہ کشمیر برصغیر کی عوام کیلئے درد سر بنا ہوا ہے ڈاکٹر شفیق قریشی

اپنے معاشی مفادات اور علاقائی بالادستی کے بجائے انسانیت کے ناطے اس معاملے کو حل کرنے کے بجائے طوالت کی نظر کر دیا گیا

ماضی میں مسئلہ کشمیر حکومتوں کی مبہم پالیسی کی وجہ سے بین الاقوامی توجہ حاصل نہیں کر سکا، سماجی کارکن کا تقریب سے خطاب

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) ماضی میں مسئلہ کشمیر حکومتوں کی مبہم پالیسی کی وجہ سے بین الاقوامی توجہ حاصل نہیں کر سکا جس کے باعث یہ مسئلہ آج تک پورے برصغیر کی عوام کا سردرد بنا ہوا ہے، نواز شریف کے دوسرے دور حکومت میں ہندوستانی وزیر اعظم واجپائی کے ساتھ بات چیت میں مسئلہ کشمیر کے حل کے لئے ابتدائی اقدامات اٹھانے پر اتفاق ہوا جس کو کارگل ایڈونچر کے بعد عدم اعتماد (بقیہ نمبر 19)

چوہدری ابرار حسین ایڈووکیٹ آزادی حق رائے دہی کی خلاف ورزیوں کے حوالے سے پریس کانفرنس کر رہے ہیں

خاتون منشیات فروش 25 سالہ ملزمہ کو 9 سال قید بامشقت 80 ہزار روپے جرمانہ

سرگودھا (این این آئی) ایڈیشنل سیشن جج محمد راشد نے خاتون منشیات فروش کے مقدمہ کا فیصلہ سناتے ہوئے 25 سالہ ملزمہ کو 9 سال قید بامشقت اور 80 ہزار روپے جرمانہ کی سزا کا حکم سنا دیا۔ سرگودھا شہر کے علاقہ فیکٹری ایریا میں 25 سالہ خاتون منشیات فروش مہناز بی بی کو سرعام چرس فروخت کرتے ہوئے رنگے ہاتھوں گرفتار کر کے تھانہ فیکٹری ایریا پولیس نے زیر دفعہ 91CC کے تحت (بقیہ نمبر 20)

پاکستان سنی تحریک کا راولپنڈی میں تحریک لبیک کی حمایت کا اعلان

عوام کرین پر مہر لگا کر ملک میں نفاذ نظام مصطفیٰ کی راہ ہموار کریں، عطاء الرحمٰن دھنیال

راولپنڈی (این این آئی) پاکستان سنی تحریک نے راولپنڈی کے قومی و صوبائی حلقوں میں تحریک لبیک پاکستان کی حمایت کا اعلان کر دیا، راولپنڈی کے قومی وصوبائی حلقوں میں ٹی ایل پی کو کامیاب کرائیں گے، عوام کرین پر مہر لگا کر ملک میں (بقیہ نمبر 21)

بلاول بھٹو زرداری کی انتخابی اہلیت سپریم کورٹ میں چیلنج کر دی گئی

اسلام آباد (این این آئی) پیپلز پارٹی کے چیئرمین اور سابق وزیر خارجہ بلاول بھٹو زرداری کی انتخابی اہلیت سپریم کورٹ میں چیلنج کر دی گئی۔ سپریم کورٹ میں اعتراض کنندہ شاہ محمد زمان نے دائر اپیل میں کہا کہ بلاول بھٹو پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین ہیں جن کا انتخابی نشان تلوار ہے، بلاول بھٹو انتخابات میں پیپلز پارٹی پارلیمنٹیرینز کے ٹکٹ پر تیر کے نشان پر حصہ لے رہے ہیں، ایکٹ کے تحت کوئی شخص بیک وقت دو جماعتوں کا ممبر نہیں (بقیہ نمبر 22)

پیپلز پارٹی اقتدار میں آ کر کچی آبادیوں کو ریگولرائز کرے گی' آصفہ بھٹو

اگر آپ یوتھ کارڈ اور مزدور کارڈ چاہتے ہیں تو تیر کے نشان پر مہر لگائیں

نوابشاہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کی ہمشیرہ آصفہ بھٹو نے کہا کہ پیپلز پارٹی اقتدار میں آ کر ملک بھر کی کچی آبادیوں کو ریگولرائز کرے گی، عوام وعدہ کریں بلاول کا ساتھ دیں گے، اقتدار میں آ کر پانچ سال میں عوام کی (بقیہ نمبر 23)

الیکشن ڈیوٹی سے غیر حاضر سرکاری ملازمین کی گرفتاری کا حکم

سجاول میں ڈیوٹی سے غیر حاضر 300 سے زائد، سیہون میں 134 سرکاری ملازمین غیر حاضر تھے

چیف الیکشن کمشنر پنجاب اعجاز انور چوہان پریس کانفرنس کر رہے ہیں

سجاول انٹیاری (این این آئی) سجاول اور سیہون میں الیکشن ڈیوٹی سے غیر حاضر سرکاری ملازمین کو گرفتار کرنے کا حکم جاری کر دیا گیا۔ سجاول کے حلقے پی ایس 74 سے انتخابات کی ڈیوٹی سے غیر حاضر 300 سے زائد اہلکاروں کے وارنٹ گرفتاری جاری کر دیئے گئے، وارنٹ جاری ہونے والوں میں میڈیکل افسران، اساتذہ و دیگر سرکاری ملازمین شامل ہیں۔ دوسری جانب سیہون سے الیکشن ڈیوٹی سے 134 سرکاری ملازمین غیر حاضر ہیں۔ ریٹرننگ افسران نے کہا ہے کہ ایس ایس پی سجاول غیر حاضر ملازمین کو گرفتار کر کے پیش کریں، ملازمین کی (بقیہ نمبر 30)

ہمارا انٹرنیٹ نہیں چلتا تو کہیں اور کیا چلتا ہوگا

لگتا ہے الیکشن کے بعد انٹرنیٹ سروس ٹھیک ہو جائے گا' چیف جسٹس کے ریمارکس

کراچی (این این آئی) سندھ ہائیکورٹ نے ملک بھر میں انٹرنیٹ سروس بلاتعطل بحال رکھنے سے متعلق حکم امتناع برقرار رکھنے کا حکم دیدیا۔ چیف جسٹس سندھ ہائیکورٹ عقیل احمد عباسی نے ملک میں بار بار انٹرنیٹ سروس کی بندش اور تعطل کے خلاف (بقیہ نمبر 24)

ارشد شریف کے خلاف درج مقدمات کا ریکارڈ طلب

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائیکورٹ نے صحافی ارشد شریف شہید کے خلاف ملک بھر میں درج مقدمات کا ریکارڈ طلب کر لیا۔ اسلام آباد ہائیکورٹ کے جسٹس محسن اختر کیانی نے کیس کی سماعت کا تحریری حکم نامہ جاری کر دیا۔ جسٹس محسن اختر کیانی نے کہا کہ ٹوئٹ، انٹرویو یا بیان کے تناظر میں درج کئے گئے تمام مقدمات کا ریکارڈ پیش کریں، یہ تمام مقدمات سپریم کورٹ اور ہائیکورٹ کے حالیہ فیصلوں کی روشنی میں کیسے درست (بقیہ نمبر 25)

ایف آئی اے کو علیمہ خان کیخلاف کارروائی سے روک دیا

ایف آئی اے سے جواب طلب، کیس کی سماعت آئندہ ہفتے تک ملتوی کر دی گئی

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائی کورٹ نے وفاقی تحقیقاتی ادارے (ایف آئی اے) کو بانی چیئرمین پاکستان تحریک انصاف کی ہمشیرہ علیمہ خان کے خلاف آئندہ سماعت تک کارروائی کرنے سے روک دیا۔ ہائی کورٹ کے چیف جسٹس عامر فاروق نے ایف آئی اے نوٹسز کے خلاف علیمہ خان کی درخواست پر سماعت کی۔ عدالت نے ایف (بقیہ نمبر 26)

9 مئی مقدمات، عدالت نے شہباز گل سمیت 64 ملزموں کو اشتہاری قرار دیدیا

فیصل آباد (این این آئی) 9 مئی مقدمات میں ملوث پی ٹی آئی رہنما شہباز گل سمیت 64 ملزموں کو اشتہاری قرار دیدیا گیا۔ مقدمے کی سماعت فیصل آباد میں انسداد دہشت گردی کی عدالت میں ہوئی، عدالت نے حساس ادارے کے دفتر پر حملہ کے مقدمہ میں ملوث 64 ملزموں کو بار بار نوٹس بھجوانے کے باوجود پیش نہ ہونے پر اشتہاری قرار دے دیا۔ اشتہاری قرار دیے جانے والوں میں ڈاکٹر شہباز گل، منحرف رکن (بقیہ نمبر 27)

استحکام پاکستان پارٹی کے سینئر نائب صدر ہمایوں اختر خان اہل علاقہ سے ملاقات کر رہے ہیں

IMF نے قرض منصوبوں کی منظوری روک دی

گردشی اور پی آئی اے قرض کے منصوبے شامل' تجاویز کے قابل عمل ہونے پر جواب طلب

آئی ایم ایف کا بنیادی اعتراض PIA کے قرضوں کو حکومتی قرض بنانے کی فوری ضرورت پر تھا

اسلام آباد (این این آئی) آئی ایم ایف نے صنعتوں کیلئے بجلی کی قیمتوں میں کمی، گردشی قرضے کے پانچویں حصے سے زیادہ کی ادائیگی اور پاکستان انٹرنیشنل ایئر لائن کے 268 ارب روپے کے قرض کو حکومتی قرضوں کا حصہ بنانے کی عبوری حکومت کی تجاویز کی فوری طور پر توثیق نہیں کی۔ حکومتی ذرائع کے مطابق آئی ایم ایف نے اس قدر جلد بازی کی وجوہات کے بارے میں بھی استفسار کیا ہے جبکہ الیکشن کمیشن عبوری حکومت کو پی آئی اے کی نجکاری پر فیصلے سے پہلے ہی روک چکا ہے۔ حکومتی (بقیہ نمبر 28)

2050 تک دنیا بھر میں کینسر کیسز میں 77 فیصد اضافے کا خدشہ

نئی تحقیق کے مطابق 2050 میں کینسر کی عالمی تشخیص 35 ملین تک پہنچ جائے گی

لاہور (این این آئی) عالمی ادارہ صحت نے 2050 تک دنیا بھر میں کینسر کیسز میں 77 فیصد اضافے کا خدشہ ظاہر کر دیا۔ عالمی ادارہ صحت کی بین الاقوامی ایجنسی برائے تحقیق کے نئے ڈیٹا میں 2050 تک کینسر کیسز کی تعداد میں بڑے اضافے کی پیشگوئی کی گئی ہے۔ نئی تحقیق کے مطابق 2050 میں کینسر کی عالمی تشخیص 35 ملین تک پہنچ جائے گی۔ ڈبلیو ایچ او کی بین الاقوامی ایجنسی فار ریسرچ آن کینسر کی طرف سے جاری کردہ اعداد و شمار میں 185 ممالک اور بیماری کی 36 اقسام شامل ہیں۔ محققین نے کینسر کی شرح میں متوقع اضافے کی وجوہات میں موٹاپا، تمباکو اور الکوحل کا استعمال، نیز ماحولیاتی عوامل جیسے (بقیہ نمبر 29)

مارکیٹ سے شرطیہ انتہائی کم ترین ریٹ پر
صرف
5000/-
روپے میں
اپنے کاروبار کے لئے
ویب سائٹ
ہم سے بنوائیں.
وہ بھی ڈومین اینڈ ہوسٹنگ کے ساتھ
Free.com domain
Features:
Free SSL Certificate
1 Click WordPress installer
Unlimited Space
Unlimited Bandwidth
Unlimited Email Accounts
Unlimited MySQL data bases
Unlimited Subdomains
Latest Version of PHP, MYSQL and cPanel
24/7/365 Support
100% Up time Guarantee
Free/Instant Setup
News Website
Business Website
School Website
TV Channel Website
سی پینل اور ورڈ پریس دونوں اکاؤنٹ دیے جائے گے
ویب سائٹ میں ڈیٹا ڈالنے کا مکمل طریقہ بھی ساتھ سکھایا جائے گا
یہ آفر محدود مدت کے لیے ہے
E-Commerce Website
Price: 6000/-
Call / Whatsapp
0309-7900035